TEACHING GUIDE

Cassandra Fernandez

Complimentary Copy—Not For Sale

Kindergarten

# We Learn English



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

# Contents

Page

Introduction ........ iv

Unit 1 Talking about myself ........ 2

Unit 2 My Family and I ........ 12

Unit 3 The animal family ........ 26

Unit 4 In my garden ........ 32

Unit 5 The underwater world ........ 38

Unit 6 Colours ........ 44

Unit 7 Days of the week ........ 50

Unit 8 The Earth – Our home ........ 56

Unit 9 Occupations ........ 60

Unit 10 Farm animals ........ 66

Unit 11 Rehman Baba's shop ........ 72

Unit 12 Months in a year ........ 76

Unit 13 Let us read the time ........ 82

Unit 14 My favourite toys ........ 86

Unit 15 Following instructions ........ 92

Appendices ........ 100

# Introduction

Teaching Guides have been designed to support teachers using *We Learn English* Workbooks Pre-Nursery, Nursery, and Kindergarten, and Textbooks 1–8. The primary objective of these guides is to assist teachers in planning their lessons in a way which allows them to achieve their learning objectives in a fun and interactive classroom environment. Each guide contains individual teaching plans, offering a variety of approaches to learning and teaching.

**The Teaching Guides offer:**

- Objectives and Learning Outcomes

  These help both teachers and students to focus on imparting and acquiring the concepts and skills being taught.

- Teaching methodology

  Lesson plans are explained in an easy manner. They aim at providing students with ample opportunities to interact with the language meaningfully in order to achieve the learning outcomes. Teacher demonstrations, along with shared reading and learning, are a prominent feature. A variety of whole class, group, pair, and individual tasks which involve reading, writing, speaking, and listening actively are also set.

- Extended activities

  Picture flash cards, vocabulary cards, stories, songs, role plays, puzzles, and question and answer sessions cater to a variety of learning styles. Children practise skills and concepts in ways which make learning fun and interactive.

A wide range of abilities, interests, and motivations exist in the average classroom. It is not realistic or practical, therefore, to stick rigidly to any lesson plan or activity outlined within. Thus, all the suggestions in this guide, allow flexibility and may be adapted depending on the individual classroom situation.

# تعارف

وی لرن انگلش ورک بکس پری نرسری، نرسری، اور کنڈرگارٹن، اور نصابی کتب اول تا ہشتم پڑھانے والے اساتذہ کی معاونت کے لیے رہنمائے اساتذہ ترتیب دی گئی ہیں۔ ان رہنمائے اساتذہ کا بنیادی مقصد اس انداز سے اسباق کی منصوبہ بندی میں اساتذہ کی معاونت کرنا ہے تاکہ وہ آموزش کے مقاصد کمرۂ جماعت کے متعامل اور تفریحی ماحول میں حاصل کرسکیں۔ ہر رہنمائے اساتذہ انفرادی تدریس کے دورانیوں پر مشتمل ہے اور تدریس و آموزش کے متنوع طریقے پیش کرتی ہے۔

## رہنمائے اساتذہ میں شامل ہیں:

- مقاصد اور آموزش کے نتائج

پڑھائے جانے والے تصورات اور مہارتوں کی تدریس اور تحصیل پر توجہ مرکوز کرنے میں یہ اساتذہ اور طلبا دونوں کے لیے معاون ہوتے ہیں۔

- تدریسی طریقۂ کار

سبق کی منصوبہ بندی کو سہل انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد طلبا کو زبان سے بامعنی شناسائی کے ان گنت مواقع فراہم کرنا ہے تاکہ آموزش کے نتائج حاصل ہوں۔ مشترکہ پڑھائی اور آموزشی عمل کے ساتھ اساتذہ کی جانب سے عملی مظاہرے رہنمائے اساتذہ کی نمایاں خوبیاں ہیں۔ جماعت، گروپ، جوڑی اور انفرادی سطح پر کرنے کے لیے متنوع کام بھی رکھے گئے ہیں جن میں پڑھائی، لکھائی، بولنا، اور سننا شامل ہیں۔

- اضافی سرگرمیاں

تصویری فلیش کارڈ، لفظی کارڈ، کہانیاں، نغمے، رول پلے، پہیلیاں، اور وقفہ برائے سوال و جواب آموزش کے مختلف النوع طریقوں کی ضرورت پورا کرتے ہیں۔ بچّے مہارتوں اور تصورات کی مشق اس طرح سے کرتے ہیں کہ آموزش کا عمل دلچسپ اور متعامل ہوجاتا ہے۔

ایک اوسط درجے کی کمرۂ جماعت میں مختلف قابلیتیں، دل چسپیاں، اور محرکات موجود ہوتے ہیں، چناں چہ کسی سبق کی منصوبہ بندی یا اس میں مذکور سرگرمی پر سختی سے ڈٹ جانا حقیقی یا عملی نہیں ہوگا۔ لہٰذا اس رہنمائے اساتذہ میں شامل تمام تجاویز میں نرمی رکھی گئی اور کمرۂ جماعت کی صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے ان میں ترمیم کی جاسکتی ہے۔

# Unit 1

## Talking about myself

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Introducing self and others
- Revise letters Aa-Zz
- Recognize and identify capital and small letters Aa-Zz

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- introduce and talk about themselves.
- revise the names and sounds of the letters Aa-Zz.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Welcome Song (Appendix 1a)
- Alphabet Chart Aa-Zz (Appendix 1b)
- The Alphabet Song (Appendix 1c)
- Flash cards A-Z and a-z (Appendix 1d and 1e)

**METHOD**

**Preparation**

- Prior to the class, display the Alphabet Chart on the soft board (Appendix 1b).
- Prepare name-cards (3x3 inches), and write the name of each student on each card.

**Listening and speaking – Introduction**

- Begin the class by welcoming children by singing the 'Welcome Song' (Appendix 1a). Greet each child by calling out their name and handing them their name-card. You can help the children to place their name card under the respective letter on the Alphabet Chart (Appendix 1b) with which their name begins. For example, Ayesha begins with A so her name-card should be placed under the letter A, Bushra under the letter B, and so on. Repeat until all the students have placed their name-cards under the correct letter.
- Next, display the 'Alphabet Song' (Appendix 1c) on the soft board. Give each student a letter of the alphabet (Aa-Zz) (Appendix 1d and 1e).

# باب 1

## اپنا تعارف کروانا

### سبق 1

### مقاصد

- اپنا اور دوسروں کا تعارف کروانا
- حروفِ تہجی Aa تا Zz دہرانا
- بڑے اور چھوٹے حروفِ تہجی Aa تا Zz کی شناخت کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- خود کو متعارف کرواتے ہوئے اپنے بارے میں بیان کرسکیں۔
- Aa تا Zz حروفِ تہجی کے نام اور ان کی آوازیں دہراسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- استقبالیہ گیت (ضمیمہ 1a)
- حروفِ تہجی کا چارٹ Aa تا Zz (ضمیمہ 1b)
- حروفِ تہجی کا گیت (ضمیمہ 1c)
- فلیش کارڈز A تا Z اور a تا z (ضمیمہ 1d اور 1e)

### طریقۂ کار

### تیاری

- کلاس کے آغاز سے قبل سوفٹ بورڈ پر حروفِ تہجی کا چارٹ لگادیجیے (ضمیمہ 1b)۔
- 3x3 انچ کے کارڈ بنائیے اور ہر کارڈ پر ایک طالب علم کا نام درج کردیجیے۔

### سننا اور بولنا ۔ تعارف

- کلاس کا آغاز' استقبالیہ گیت' (ضمیمہ 1a) گا کر طلبا کا استقبال کرتے ہوئے کیجیے۔ ہر طالب علم کا نام پکار کر اور اسے اس کے نام کا کارڈ تھما کر خوش آمدید کہیے۔ بچّوں سے کہیے کہ اپنے اپنے نام والا کارڈ حروفِ تہجی کے چارٹ (ضمیمہ 1b) پر اس حرف کے نیچے رکھیں جس سے ان کا نام شروع ہوتا ہے۔ اس عمل میں آپ ان کی مدد کرسکتے ہیں۔ مثال کے طور پر Ayesha ، A سے شروع ہوتا ہے لہٰذا اس کے نام والا کارڈ حرف A ، Bushra کے نام والا کارڈ حرف B کے نیچے رکھا جائے گا۔ یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک تمام طلبا اپنے اپنے کارڈ درست حرف کے نیچے نہ رکھ دیں۔
- اس کے بعد سوفٹ بورڈ پر' حروفِ تہجی کا گیت' (ضمیمہ 1c) نمایاں کردیجیے۔ ہر طالب علم کو ایک حرفِ تہجی (Aa تا Zz) دے دیجیے (ضمیمہ 1d اور 1e)۔

- While the Alphabet Song is being sung, ask each of the students with the respective letter to come and line up in the front, as the letters are introduced. Ask them to hold up each letter, so that the students can recognize which letter is being called out. This will help as a reminder. Repeat the song if you like.

**Listening, speaking, and writing – Talking about myself (Page 1)**

- Individually, students complete the activity on page 1 of the textbook. Later, in pairs, student talk with each other about themselves. They can also ask questions from each other, e.g. What are your hobbies? How many siblings do you have?, etc. Next, randomly ask a few children to come in front of the class and introduce his/her classmate to the class.
- Later ask them to paste or draw pictures and complete the activity on page 1
- Teacher reminds the children that given names start with a capital letter.

**Classroom activity (Pages 2 to 5)**

**Note:** Do not rush with all the letters at this stage, as you need to just revise and get the children to recognize them and have them move from one letter to another with plenty of practice.

- Using the flash card of the letter 'a', ask students to name a few things they know that begin with the letter 'a'. Write students' response on the board or flip chart.
- Divide students into groups of four or five. Give each student a brown paper bag with the letters 'Aa to Zz' printed on it. Prior to the class, you need to place inside each of the bags pictures of items that begin with each letter from Aa to Zz (refer to the pictures on pages 2 to 5). For example, the letter 'a' should correspond with the picture of an apple or ant, B with the picture of a book or box, and so on.
- Ask each student in the group to match the letter with the corresponding picture for each of the letters and pictures in the envelope. While students are working in groups, move around the classroom to facilitate students who need help.
- To conclude the activity, ask each group to come up and share their work.

## LESSON 2

### OBJECTIVES

- Recognize and identify capital and small letters Aa-Ff
- Write and trace the letters Aa-Ff

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, children should be able to:

- revise the letters and sounds of the alphabet.
- revise both upper-case and lower-case letters Aa-Ff.
- match capital and small letters.
- trace and write letters Aa-Ff.

- استقبالیہ گیت گاتے ہوئے حروف متعارف کروائیے اور اس دوران متعلقہ حرف کے حامل ہر طالب علم کو سامنے آ کر قطار میں کھڑے ہونے کی ہدایت کیجیے۔ ان سے کہیے کہ اپنے اپنے حرف ہاتھوں میں تھام کر سر سے اونچے کرلیں تاکہ باقی طلبا پہچان سکیں کہ کون سا حرف پکارا جارہا ہے۔ اس عمل سے حروف کو ذہن نشین کرنے میں مدد ملے گی۔ آپ چاہیں تو گیت دہرایا بھی جاسکتا ہے۔

## سننا، بولنا اور لکھنا-اپنے بارے میں گفتگو کرنا (صفحہ 1)

- ہر طالب علم انفرادی طور پر نصابی کتاب کے صفحہ 1 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرے۔ اس کے بعد طلبا جوڑیاں بنا کر ایک دوسرے کو اپنے بارے میں بتائیں۔ وہ ایک دوسرے سے سوال بھی پوچھ سکتے ہیں مثلاً آپ کے کیا مشاغل ہیں؟ آپ کے کتنے بہن بھائی ہیں؟ وغیرہ وغیرہ۔ بعدازاں چند بچّوں سے کہیں کہ کلاس کے سامنے آئیں اور اپنے ساتھی طالب علم کا باقی طلبا سے تعارف کروائیں۔
- اب طلبا کو ہدایت کیجیے کہ تصاویر بنائیں یا چسپاں کریں نیز صفحہ 1 پر دی گئی سرگرمی مکمل کریں۔
- استاد بچّوں کو یاددہانی کرائے کہ رکھے/دیے گئے نام بڑے حروف تہجی سے شروع ہوتے ہیں۔

## کمرۂ جماعت کی سرگرمی (صفحہ 2 تا 5)

نوٹ: اس مرحلے پر عجلت سے کام لیتے ہوئے تمام حروف پڑھانے سے گریز کریں، کیوں کہ آپ کو صرف حروف کا اعادہ کرتے ہوئے بچّوں کو ان کی شناخت کرنے کے قابل بنانا اور انھیں ایک حرف کی اچھی طرح مشق کروانے کے بعد ہی اگلے حرف کی طرف بڑھنا ہے۔

- حرف a کا فلیش کارڈ استعمال کرتے ہوئے طلبا سے کہیے کہ وہ اس حرف سے شروع ہونے والے کچھ اشیا کے نام بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کر دیجیے۔
- چار چار یا پانچ پانچ طلبا کے گروپ بنا دیجیے۔ ہر طالب علم کو خاکی کاغذی لفافہ دے دیجیے جس پر حروف Aa تا Zz چھپے ہوئے ہوں۔ ضروری ہے کہ کلاس شروع ہونے سے پہلے آپ لفافوں کے اندر Aa سے لے کر Zz تک ہر حرف سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر رکھ دیں (صفحہ 2 تا 5 پر دی گئی تصاویر کا حوالہ بھی دیا جاسکتا ہے)۔ مثال کے طور پر حرف A کے لیے apple (سیب) یا ant (چیونٹی)، اور B کے لیے book (کتاب) یا box (ڈبّہ) کی تصویر ہونی چاہیے وغیرہ وغیرہ۔
- گروپ کے ہر طالب علم کو ہدایت کردیجیے کہ وہ لفافے میں موجود تصاویر اور حروف میں سے ہر حرف کو متعلقہ تصویر کے ساتھ ملائیں۔ طلبا اس کام میں مصروف ہوجائیں تو آپ کمرے میں چکر لگائیے اور جن طلبا کو ضرورت ہو ان کی مدد کیجیے۔
- سرگرمی کے اختتام پر ہر گروپ کو بلائیے اور اسے اپنا کام سب کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت کیجیے۔

## سبق 2

### مقاصد

- بڑے اور چھوٹے حروف تہجی Aa تا Ff کی شناخت اور پہچان کرنا
- حروف Aa تا Ff لکھنا اور ان کے نقطہ دار خاکے مکمل کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- حروف اور ان کی آوازوں کا اعادہ کرسکیں۔
- Aa سے لے کر Ff تک چھوٹے اور بڑے حروف تہجی دہرا سکیں۔
- بڑے اور چھوٹے حروف تہجی کو ملا سکیں۔
- Aa سے لے کر Ff تک حروف تہجی تحریر کرسکیں اور ان کے نقطے دار خاکے مکمل کرسکیں۔

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Welcome Song (Appendix 1a)
- Alphabet Chart Aa-Zz (Appendix 1b)
- The Alphabet Song (Appendix 1c)
- Flash cards A-Z and a-z (Appendix 1d and 1e)

**METHOD**

**Writing (Pages 6 and 7)**

- Inform students that they will now practise writing the letters Aa to Ff.
- First write the letters Aa to Ff on the board by drawing each stroke step by step as shown on pages 6 and 7.
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat if needed.
- Explain the tracing and colouring activity and ask students to do the work.
- Note: First you should only introduce them to the capital letters and then gradually move on to small letters.

**Writing (Page 8)**

- Ask students to write letters Aa to Ff in the air repeatedly for few minutes. A few students can be asked to come up and trace the letters on the board.
- Students can then complete the work on page 8.

**LESSON 3 AND ONWARDS**

**OBJECTIVES**

- Recognize and identify capital and small letters Gg-Zz
- Write and trace the letters Gg-Zz

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- revise the letters and sounds of the alphabet.
- revise both upper-case and lower-case letters Gg-Zz.
- trace and write letters Gg-Zz.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Flash cards A-Z and a-z (Appendices 1d and 1e)

**Note:** Since the next few pages in the Workbook follow the same format, the teacher can follow a general plan depending on the class strength and ability of students.

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- استقبالیہ گیت (ضمیمہ 1a)
- حروفِ تہجی کا چارٹ Aa تا Zz (ضمیمہ 1b)
- حروفِ تہجی کا گیت (ضمیمہ 1c)
- فلیش کارڈز A تا Z اور a تا z (ضمیمہ 1d اور 1e)

## طریقۂ کار

### لکھنا (صفحہ 6 اور 7)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ Aa تا Ff حروف لکھنے کی مشق کریں گے۔
- بورڈ پر حروف Aa تا Ff درست طریقہ استعمال کرتے ہوئے لکھ دیجیے اس طرح کہ ہر حرف کی تشکیلی حرکات یا خطوط (stroke) ترتیب وار اور مرحلہ وار کھینچے جائیں جیسا کہ صفحہ 6 اور 7 پر دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حروف بنائیں۔ ضرورت محسوس ہو تو یہ عمل دہرائیے۔
- نقطے ملانے اور رنگ بھرنے کی سرگرمی کی وضاحت کرنے کے بعد طلبا کو یہ کام کرنے کی ہدایت کر دیجیے۔
- نوٹ: پہلے آپ انھیں صرف بڑے حروف سے متعارف کرائیے اور پھر بہ تدریج چھوٹے حروف پر آجائیے۔

### لکھنا (صفحہ 8)

- طلبا سے کہیے کہ حروف Aa تا Ff ہوا میں کئی منٹ تک بار بار لکھتے رہیں۔ چند طلبا کو بُلا کر ان سے حروف بورڈ پر بھی لکھوائے جا سکتے ہیں۔
- بعدازاں طلبا صفحہ 8 پر دیا گیا کام مکمل کریں۔

## سبق 3 اور اس سے آگے

## مقاصد

- Gg تا Zz بڑے اور چھوٹے حروفِ تہجی کی شناخت اور پہچان کرنا
- Gg تا Zz حروف لکھنا اور ان کے نقطے دار خاکے مکمل کرنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- حروف اور ان کی آواز کا اعادہ کرسکیں۔
- Gg تا Zz چھوٹے اور بڑے حروفِ تہجی کا اعادہ کرسکیں۔
- Gg تا Zz حروفِ تہجی تحریر کرنا اور نقطے دار خاکے مکمل کرسکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- فلیش کارڈز A تا Z اور a تا z کے (ضمیمہ 1d اور 1e)

نوٹ: ورک بُک میں اگلے چند صفحات میں یہی ترتیب ہے اس لیے معلم /معلمہ اپنے طلبا کی ذہنی استعداد اور قابلیت کے مطابق ایک عمومی منصوبہ یا خاکہ اپنا سکتے ہیں۔

**METHOD**

**Classroom activity (Pages 9 to 17)**

- Using the flash card of the letter Gg, ask students to name a few things they know that begin with the letter 'g'. Write students' response on the board or flip chart.
- Continue in the same manner for other letters upto 'z'.
- Divide students into groups of 4 or 5. Give each student a brown paper bag with the letter Aa to Zz printed on it. Prior to the class, you need to place inside each of the bags pictures of items that begin with each letters Aa to Zz (refer to the pictures on pages 2 to 5). For example, the letter A to correspond with the picture of an apple or ant, B with the picture of a book or box and so on.
- Ask each student in the group to match the letter with the corresponding picture for each of the letters and pictures in the envelope. While students are working in groups, move around the classroom to facilitate students who need help.
- To conclude the activity, ask each group to come up and share their work.

**Tracing (Pages 9 to 17)**

- As all activities follow the same structure, you can follow the plan suggested in Lesson 2, or make changes depending on the level of your class.
- For each group of letters, explain the task as required. You can read and explain the instructions and work some examples on the board.
- Explain the correct movement as shown in the workbook, for writing each letter.
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat if needed.
- Explain the tracing and colouring activity and ask students to do the work.
- Note: First you should only introduce them to the capital letters and then gradually move on to small letters.

**Note: These activities can be taught approximately over 4 days.**

**Writing (Pages 11, 14, and 17)**

- Inform students that they will now practise writing the letters Gg-Zz.
- First write the letters on the board by drawing each stroke step by step as shown in the book.
- Ask students to follow you by tracing in the air with their fingers. Repeat three or four times.
- Later, students complete the writing tasks.

**Note: This activity is to be taught approximately in 4 days.**

**Reading and writing – Matching capital letters and small letters (Page 18)**

- Divide children in small groups. Provide each group with an envelope containing capital and small Aa-Zz (Appendices 1d and 1e).

## طریقۂ کار

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی (صفحہ 9 تا 17)

- حرف Gg کا فلیش کارڈ استعمال کرتے ہوئے طلبا سے کہیے کہ وہ حرف g سے شروع ہونے والی چند چیزوں کے نام بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ یا فلپ چارٹ پر درج کردیجیے۔
- یہ عمل اسی طرح دوسرے حروف کے لیے z تک جاری رکھیے۔
- طلبا کو چار چار یا پانچ پانچ کے گروپوں میں بانٹ دیجیے۔ ہر طالب علم کو خاکی کاغذی لفافہ دے دیجیے جس پر حروف Aa تا Zz چھپے ہوئے ہوں۔ ضروری ہے کہ کلاس شروع ہونے سے پہلے آپ ہر لفافے کے اندر Aa سے لے کر Zz تک ہر حرف سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر رکھ دیں (صفحہ 2 تا 5 پر دی گئی تصاویر کا حوالہ بھی دیا جاسکتا ہے)۔ مثال کے طور پر حرف A کے لیے apple (سیب) یا ant (چیونٹی) اور B کے لیے book (کتاب) یا box (ڈبّے) کی تصویر ہونی چاہیے وغیرہ وغیرہ۔
- گروپ کے ہر طالب علم کو ہدایت کیجیے کہ وہ لفافے میں موجود تصاویر اور حروف میں سے ہر حرف کو متعلقہ تصویر کے ساتھ ملائے۔ طلبا اس کام میں مصروف ہوجائیں تو آپ کمرے میں چکر لگائیے اور جن طلبا کو ضرورت ہو ان کی مدد کردیجیے۔
- سرگرمی کے اختتام پر ہر گروپ کو بلائیے اور اسے اپنا کام سب کے سامنے پیش کرنے کی ہدایت کیجیے۔

### ٹریسنگ یا نقطے ملانا (صفحہ 9 تا 17)

- تمام سرگرمیاں ایک ہی انداز کی ہیں لہٰذا آپ سبق 2 میں تجویز کردہ منصوبے پر عمل کرسکتے ہیں، یا پھر اپنے طلبا کی ذہنی استعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے اس میں ردوبدل کر سکتے ہیں۔
- حروف کے ہر گروپ کے لیے دیے گئے کام کی وضاحت کیجیے۔ آپ ہدایات پڑھتے ہوئے ان کی وضاحت کرسکتے ہیں اور بورڈ پر کچھ مثالیں بھی دے سکتے ہیں۔
- ہر حرف لکھنے کا درست طریقہ یا درست حرکات بیان کیجیے جیسا کہ ورک بُک میں دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حروف بنائیں۔ ضرورت محسوس ہو تو اس عمل کو دہرایا جاسکتا ہے۔
- نقطے ملانے اور رنگ بھرنے کی سرگرمی کی وضاحت کرتے ہوئے طلبا کو انھیں مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- نوٹ: پہلے آپ انھیں صرف بڑے حروف سے متعارف کروائیں اور پھر بہ تدریج چھوٹے حروف پر آجائیں۔

نوٹ: یہ سرگرمیاں لگ بھگ چار روز کے دوران کی جاسکتی ہیں۔

### لکھنا (صفحہ 11، 14 اور 17)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ حروف Gg تا Zz لکھنے کی مشق کریں گے۔
- پہلے بورڈ پر حروف، ہر حرف کو تشکیل دینے والی حرکات یا خطوط (stroke) مرحلہ وار کھینچتے ہوئے لکھ دیجیے جیسا کہ کتاب میں دکھایا گیا ہے۔
- طلبا سے کہیے وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حروف بنائیں۔ تین یا چار بار یہ عمل دہرائیے۔
- اس کے بعد، طلبا لکھائی کا کام مکمل کریں گے۔

نوٹ: یہ سرگرمی کم و بیش چار روز کے دوران کی جاسکتی ہے۔

### پڑھنا اور لکھنا۔ بڑے اور چھوٹے حروف تہجی ملانا (صفحہ 18)

- طلبا کو چھوٹے چھوٹے گروپوں میں بانٹ دیجیے۔ ہر گروپ کو ایک ایک لفافہ دیجیے جس میں Aa سے لے کر Zz تک چھوٹے اور بڑے حروف تہجی ہوں (ضمیمہ 1d اور 1e)۔

- In a large group, demonstrate the activity by taking out the letter card A (capital letter) and the corresponding letter card 'a' (small letter) from the envelope.
- Ensure you have one envelope for each group. Emphasize on the sounds as you match each capital and corresponding small letter.
- Distribute an envelope to each group and invite children to match the capital letter and small letter cards.
- Later, complete the activity on the page 18 of the textbook and read the letters and sounds.

- ایک بڑے گروپ کی صورت میں اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کیجیے۔ پہلے لفافے میں سے (بڑے حرف) A کا کارڈ اور پھر (اسی کے چھوٹے حرف) a کا کارڈ نکالیے۔
- اس بات کو یقینی بنائیے کہ آپ کے پاس ہر گروپ کے لیے ایک لفافہ موجود ہو۔ ہر بڑے حرف کو اسی کے چھوٹے حرف سے ملاتے ہوئے ان کی آوازوں پر زور دیجیے۔
- ہر گروپ کو ایک ایک لفافہ دے دیجیے اور بچّوں سے کہیے کہ بڑے اور چھوٹے حروف کے کارڈز ملائیں۔
- بعدازاں نصابی کتاب کے صفحہ 18 پر موجود سرگرمی مکمل کیجیے اور حروف اور آوازیں پڑھیے۔

# Unit 2

## My Family and I

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Talk about family members
- Listen to and discuss a story
- Retell a story

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- understand the concept of family.
- enjoy listening to and understand simple stories.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Welcome Song (Appendix 1a)
- Alphabet Chart Aa-Zz (Appendix 1b)
- Name cards for each student
- Word cards (Appendix 2a)

**METHOD**

**Listening and speaking – Introduction**

- Prior to the class, display the Aa-Zz Chart on the soft board (Appendix 1b)
- Prepare cards, 3x3 inches in size, and write the name of each student on each card.
- Begin the class by welcoming children by singing the 'Welcome Song' (Appendix 1a). Greet each child by calling out their name and handing them their name card. You can help the children to place their name card under the respective letter with which their name begins. For example, Ayesha and Ahmed begin with A so their name cards will be placed under the letter A, Bushra and Bilal begin with B so their name cards will be placed under the letter B, and so on. Repeat until all the children have placed their name cards under the correct letter.

# باب 2

## میں اور میرا خاندان

### سبق 1

#### مقاصد

- افرادِ خانہ کے بارے میں گفتگو کرنا
- کہانی سننا اور زیرِ بحث لانا
- کہانی دوبارہ سنانا

#### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- خاندان کا تصور سمجھ سکیں۔
- سادہ کہانیاں دلچسپی سے سنیں اور سمجھ سکیں۔

#### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- استقبالیہ گیت (ضمیمہ 1a)
- حروفِ تہجی کا چارٹ Aa تا Zz (ضمیمہ 1b)
- ہر طالب علم کے نام کا کارڈ
- لفظ پر مشتمل کارڈ (ضمیمہ 2a)

#### طریقۂ کار

##### سننا اور بولنا ۔ تعارف

- کلاس کے آغاز سے قبل سوفٹ بورڈ پر Aa تا Zz حروفِ تہجی والا چارٹ لگا دیجیے (ضمیمہ 1b)۔
- 3x3 انچ کے کارڈ بنائیے اور ہر کارڈ پر ایک طالب علم کا نام درج کر دیجیے۔
- کلاس کا آغاز 'استقبالیہ گیت' (ضمیمہ 1a) گا کر طلبا کا استقبال کرتے ہوئے کیجیے۔ ہر طالب علم کا نام پکار کر اور اسے اس کے نام کا کارڈ تھما کر خوش آمدید کہیے۔ بچّوں کو ان کے نام والا کارڈ متعلقہ حرف جس سے ان کا نام شروع ہوتا ہے، کے نیچے رکھنے میں آپ ان کی مدد کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر Ayesha اور Ahmed ، A سے شروع ہوتے ہیں چناں چہ ان کے نام کے کارڈ حرف A کے نیچے رکھے جائیں گے۔ Bushra اور Bilal ، B سے شروع ہوتے ہیں چناں چہ ان کے نام والے کارڈ حرف B کے نیچے رکھے جائیں گے وغیرہ وغیرہ۔ یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک تمام طلبا اپنے اپنے کارڈ درست حرف کے نیچے نہ رکھ دیں۔

**Listening and speaking – Talk about family members (Page 19)**

- Prior to the class, ask student to bring a photo of their family to school.
- Ask the students to work in pairs. Using their family photos, students talk about their family members. They can share details with their peers, e.g. members in their family, their names, what they like about their family, etc.
- Later, ask them to paste or draw the picture of their family on page 19.
- Then, ask a few children to come in front of the class to introduce themselves and talk about their family. For example, My name is ________., My name begins with the letter ________., etc.
- Remind the children that given names start with a capital letter.

**Listening, speaking, and reading – Story time, The baby rabbits (Page 20)**

- Display word cards (Appendix 2a) on the soft board, and help them to read and recognize these words. Ask the children to sit in a circle. Tell them that today they are going to hear a story about baby rabbits given on page 20.
- Ask them to look at the pictures and guess what the story is going to be about. Ask the following questions:
  a. What do you see in the pictures?
  b. What do you think is going to happen next in the story?, etc.
- Emphasizing on the 'f' sound, read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. At the end of the story you can ask these questions:
  a. What is the name of the two baby rabbits?
  b. What did Fluffy and Fred like to do?
  c. Did you enjoy the story? Why?
- Talk about the children's family members and tell them that animals also have families.
- Ask the children to retell the story in simple words.

**LESSON 2**

**OBJECTIVES**

- Identify vowels and consonants
- Differentiate between vowels and consonants
- Learn words with 'at', 'an', and 'in' sounds
- Learn rhyming words
- Listen to and discuss a story
- Retell a story

## سننا اور بولنا۔افراد خانہ کے بارے میں گفتگو (صفحہ 19)

- طلبا کو ہدایت کر دیجیے کہ کلاس شروع ہونے سے قبل اپنے خاندان کی ایک تصویر اسکول لے کر آئیں۔
- طلبا سے کہیے کہ یہ کام جوڑیوں کی صورت میں کیا جائے گا۔ اپنے خاندان کی تصاویر کو دیکھتے ہوئے وہ گھر کے افراد کے بارے میں بات چیت کریں گے۔ وہ اپنے ساتھی کو بتا سکتے ہیں کہ ان کے گھر میں کتنے افراد ہیں، ان کے نام کیا ہیں، نیز یہ کہ انھیں اپنے خاندان کی کیا بات پسند ہے وغیرہ وغیرہ۔
- اس کے بعد طلبا سے کہیے کہ صفحہ 19 پر اپنے گھرانے کی تصویر بنائیں یا چسپاں کریں۔
- بعدازاں چند طلبا سے کہیے کہ کلاس کے سامنے آ کر اپنا تعارف کروائیں اور اپنے خاندان کے بارے میں گفتگو کریں۔ مثال کے طور پر میرا نام ________ ہے۔ میرا نام حرف ________ سے شروع ہوتا ہے، وغیرہ۔
- بچّوں کو یاددہانی کروائیے کہ رکھے/دیے گئے نام بڑے حرف سے شروع ہوتے ہیں۔

## سننا، بولنا، اور پڑھنا۔کہانی کا وقت، ننھے خرگوش (صفحہ 20)

- سوفٹ بورڈ پر لفظی کارڈز (ضمیمہ 2a) لگادیجیے، اور ان الفاظ کو پڑھنے اور شناخت کرنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ بچّوں سے کہیے کہ دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ انھیں بتائیے کہ آج وہ ننھے خرگوشوں کی کہانی سنیں گے جو صفحہ 20 پر دی گئی ہے۔
- ان سے کہیے کہ تصویروں کو غور سے دیکھیں اور بوجھیں کہ کہانی کس بارے میں ہوگی۔مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

  الف۔ تصاویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟

  ب۔ آپ کے خیال میں اب کہانی میں آگے کیا ہوگا؟ وغیرہ۔
- f کی آواز پر زور دیتے ہوئے کہانی پڑھیے اور درمیان میں وقفے لیتے ہوئے ان سے پوچھیے کہ کہانی میں آگے کیا ہوگا۔ کہانی کے اختتام پر آپ ان سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھ سکتے ہیں:

  الف۔ دو ننھے خرگوشوں کے دونوں بچّوں کے نام کیا ہیں؟

  ب۔ Fluffy اور Fred کو کیا کرنا اچھا لگتا ہے؟

  ج۔ کیا آپ کو کہانی سننے میں مزہ آیا؟ کیوں؟
- بچّوں کے افراد خانہ کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے انھیں بتائیے کہ جانوروں کے بھی خاندان ہوتے ہیں۔
- ان سے کہیے کہ آسان الفاظ میں یہی کہانی سنائیں۔

# سبق 2

## مقاصد

- حروف علّت اور حروف صحیح کی پہچان کرنا
- حروف علّت اور حروف صحیح کے مابین فرق کرنا
- at، an اور in کی آوازوں والے الفاظ سیکھنا
- ہم آواز الفاظ جاننا
- کہانی سننا اور زیر بحث لانا
- کہانی دوبارہ سنانا

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- recall and write vowels and consonants.
- learn words with 'at', 'an', and 'in' sounds.
- add correct vowels to complete words.
- identify rhyming words.
- enjoy listening to and understand simple stories.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Word wheels made on chart paper, similar to ones given on pages 22 and 23, and corresponding pictures
- Flash cards (Appendix 1e)

**METHOD**

**Listening, speaking, and writing – Vowels and Consonants (Page 21)**

- To revise vowels and consonants, divide the board into two sections, and write the headings vowels and consonants. Ask each student to look at the Alphabet Chart and name any letter. If a student says a vowel clap your hands and write the letter under the vowel section. If a student says a consonant, stamp your feet and write it under the consonant section. Continue until all the letters of the alphabet a-z, are written on the board.
- Now pointing at the letters under the vowel heading, children read out the vowels. Tell them that these letters a, e, i, o, and u are vowels. Likewise, do the same for the consonants. Tell children that the other remaining letters are consonants.
- Later, ask children to brainstorm words that start with each vowel or have vowels in them. Write the words next to the letters to which they belong.
- Students complete the writing task on page 21.

**Reading and writing – Making new words (Pages 22 and 23)**

- Explain to the children that they will be making simple three-letter words ending with the 'at', 'an', and 'in' using the word wheel and that you will be supporting them as they work. The 'at', 'an', and 'in' word wheel and words are on page 22 and 23 from the textbook.
- In a large group, demonstrate the activity by taking out the three-letter word building set and word wheel with the corresponding picture card from the envelope. Ensure you have one envelope for each group of students.
- Show the children how to make words from this set with the help of the picture cards and word wheel. For example, if the set has a picture of the word 'cat', hold up the picture and turn the word wheel to find the letters c-at to make the word; place the completed word next to the picture.
- Divide the children in small groups giving them sets of letters a-z (Appendix 1e). First ask the children to separate the vowels and consonants in two piles. Then, ask them to use these letters to make words. They can then share the words they have made in class.

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- اپنی یادداشت کے سہارے حروف علّت اور حروف صحیح لکھ سکیں۔
- an،at اور in کی آوازوں والے الفاظ کو جان سکیں۔
- درست حروف علّت کا استعمال کرتے ہوئے الفاظ مکمل کرسکیں۔
- ہم آواز الفاظ کی شناخت کرسکیں۔
- سادہ کہانیاں دلچسپی سے سنیں اور سمجھ سکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- چارٹ پیپر پر بنے ہوئے لفظی پہیے (word wheels) جیسے صفحہ 22 اور 23 پر دیے گئے ہیں، اور متعلقہ تصاویر
- فلیش کارڈ (ضمیمہ 1e)

## طریقۂ کار

### سننا، بولنا اور لکھنا۔حروف علّت اور حروف صحیح (صفحہ 21)

- حروف علّت اور حروف صحیح کا اعادہ کرنے کے لیے بورڈ کو دوحصوں میں تقسیم کیجیے اور ان کے اوپر حروف علت اور حروف صحیح کی سرخی لگادیجیے۔ ہر طالب علم سے کہیے کہ وہ حروف تہجی کے چارٹ کو دیکھے اور کوئی ایک حرف پکارے۔ اگر طالب علم حرف علّت پکارے تو تالی بجائیے اور وہ حرف، حروف علّت کے کالم میں درج کردیجیے۔ اگر طالب علم حرف صحیح پکارے تو پاؤں سے فرش بجائیے اور وہ حرف، حروف صحیح کے کالم میں درج کردیجیے۔ یہ سرگرمی اس وقت تک جاری رکھیے جب تک کہ a سے لے کر z تک تمام حروف تہجی بورڈ پر نہ لکھ دیے جائیں۔
- اب حروف علّت کی سرخی کے نیچے درج حروف کی جانب اشارہ کیجیے۔ آپ کے اشارے کے ساتھ بچّے یہ حروف بلند آواز سے پڑھیں گے۔ انھیں بتائیے کہ یہ حروف a، e، i، o اور u حروف علّت کہلاتے ہیں۔ اس کے بعد حروف صحیح کے لیے بھی یہی عمل دہرائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ باقی سب حروف، حروف صحیح کہلاتے ہیں۔
- بعدازاں بچّوں کو ہدایت کیجیے کہ وہ مل جل کر ایسے الفاظ پر غور کریں جو ہر ایک حرف علّت سے شروع ہوتے ہوں یا ان میں یہ حروف پائے جاتے ہوں۔ یہ الفاظ متعلقہ حروف کے سامنے تحریر کردیجیے۔
- طلبا صفحہ 21 پر دیا گیا کام مکمل کریں گے۔

### پڑھنا اور لکھنا۔نئے الفاظ تشکیل دینا (صفحہ 22 اور 23)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ لفظی پہیے کی مدد سے تین حرفی الفاظ بنائیں گے۔ یہ الفاظ an،at اور in پر ختم ہوں گے اور اس سرگرمی کے دوران آپ طلبا کی مدد کریں گے۔ at، an اور in کا لفظی پہیہ اور الفاظ نصابی کتاب کے صفحہ 22 اور 23 پر دیے گئے ہیں۔
- ایک بڑے گروپ میں اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کیجیے۔ لفافے میں سے تین حرفی لفظ کے حروف کا سیٹ اور لفظی پہیہ مع متعلقہ تصویر نکال لیجیے۔ اس بات کو یقینی بنائیے کہ آپ کے پاس ہر گروپ کے لیے ایک لفافہ ہو۔
- اب بچّوں کو دکھائیے کہ تصویری کارڈ اور لفظی پہیے سے مدد لیتے ہوئے حروف کے سیٹ سے الفاظ کیسے بنائے جائیں۔ مثال کے طور پر اگر سیٹ میں لفظ cat کی تصویر ہے، تو تصویر ہاتھ میں پکڑ لیجیے اور لفظی پہیے کو گھما کر حروف c-at تلاش کیجیے تاکہ لفظ بنایا جاسکے۔ اس کے بعد مکمل لفظ تصویر کے ساتھ رکھ دیجیے۔
- طلبا کے چھوٹے چھوٹے گروپ بنائیے اور ہر گروپ کو حروف a تا z کا سیٹ دیجیے (ضمیمہ 1e)۔ بچّوں سے کہیے کہ پہلے وہ حروف علّت اور حروف صحیح الگ الگ کرلیں۔ پھر ان سے کہیے کہ ان حروف کا استعمال کرتے ہوئے الفاظ بنائیں۔ اس کے بعد طلبا اپنے تشکیل کردہ الفاظ کلاس کو دکھا سکتے ہیں۔

- Distribute to each group of students an envelope containing the three-letter word building set and the word wheel with the corresponding picture cards. Invite children to make the words with the help of the picture cards.
- Blank cards can be included in the envelope. On these blank cards, the children can write other words ending with the letter ‘at’, ‘an’, and ‘in’.
- Later, complete the activity on pages 22 and 23 and help the children to read the words.

**LESSON 3**

**OBJECTIVES**

- Identify and differentiate between vowels and consonants
- Learn rhyming words

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- recall and write vowels and consonants.
- identify rhyming words.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Word and picture cards (Appendix 2b)
- Word and picture cards (Appendix 2c)

**METHOD**

**Listening and speaking – Words beginning with ‘b’ and ending with ‘at’ (Page 24)**

- Prepare flash cards of the words given on page 24 of the textbook. (Appendix 2b)
- Divide children into groups of 4 or 5. Provide each group with an envelope. Prior to the class, place small cards with pictures and words inside each envelope.
- Ask children to match the appropriate word and the picture card. For example, the picture of a bird will be matched with the word, bird.
- To conclude the activity, randomly ask children to share their work with the whole class. You can first demonstrate the activity with the class and then ask them to complete the task as a group ensuring that each student gets an opportunity to do the activity.
- Later, ask children to complete the activity on page 24 by circling the words beginning with ‘b’ and ticking the words that end in ‘at’.

**Listening, speaking, and reading – Rhyming words (Page 25)**

- Ask children to complete the activity on page 25. After the children have filled in the blanks, they can read the poem aloud and the teacher can emphasize the rhyming words.
- Later, ask children to circle the rhyming words in each line.
- To conclude the activity, ask children to recite any familiar poem with actions and clap when they hear a rhyming word.


OXFORD UNIVERSITY PRESS

- بچّوں کے ہر گروپ کو ایک ایک لفافہ دیجیے جس میں سہ حرفی لفظ تشکیل دینے والے حروف کا سیٹ، لفظی پہیہ اور متعلقہ تصویری کارڈ موجود ہوں۔ پھر انھیں تصویری کارڈ کی مدد سے الفاظ بنانے کی ہدایت کیجیے۔
- لفافے میں سادہ کارڈ بھی رکھے جاسکتے ہیں۔ ان سادہ کارڈز پر بچّے at، an اور in پر ختم ہونے والے دوسرے الفاظ لکھ سکتے ہیں۔
- آخر میں صفحہ 22 اور 23 پر دی گئی سرگرمی مکمل کیجیے اور الفاظ پڑھنے میں بچّوں کی مدد کیجیے۔

## سبق 3

### مقاصد

- حروف علّت اور حروفِ صحیح کی پہچان اور ان میں فرق کرنا
- ہم آواز الفاظ سیکھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:
- حروفِ علّت اور حروفِ صحیح ذہن میں تازہ کرتے ہوئے لکھ سکیں۔
- ہم آواز الفاظ کی شناخت کرسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- لفظی اور تصویری کارڈ (ضمیمہ 2b)
- لفظی اور تصویری کارڈ (ضمیمہ 2c)

### طریقۂ کار

#### سننا اور بولنا- b سے شروع اور at پر ختم ہونے والے الفاظ (صفحہ 24)

- نصابی کتاب کے صفحہ 24 پر دیے گئے الفاظ کے فلیش کارڈ تیار کرلیجیے۔
- چار چار یا پانچ پانچ طلبا پر مشتمل گروپ بنائیے۔ ہر گروپ کو ایک لفافہ دیجیے۔ کلاس شروع ہونے سے قبل ہر لفافے میں تصویروں اور الفاظ پر مشتمل کارڈ رکھ دیجیے۔
- بچّوں سے کہیے کہ ہر لفظ کو متعلقہ تصویری کارڈ کے ساتھ ملائیں۔ مثال کے طور پر ایک پرندے کی تصویر لفظ bird سے ملائی جائے۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچّوں سے کہیے کہ اپنا کام کلاس کو دکھائیں۔ پہلے آپ بچّوں کے سامنے اس سرگرمی کا مظاہرہ کرسکتے ہیں اور پھر انھیں ایک گروپ کی شکل میں یہ کام کرنے کی ہدایت کرسکتے ہیں۔ تاہم اس دوران اس بات کو یقینی بنائیے کہ ہر طالب علم کو سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع ملے۔
- بعدازاں، طلبا کو صفحہ 24 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرنے کی ہدایت کردیجیے، اس طرح کہ وہ b سے شروع ہونے والے الفاظ کے گرد دائرہ بنائیں اور at پر ختم ہونے والے الفاظ پر صحیح کا نشان لگائیں۔

#### سننا، بولنا اور پڑھنا - ہم آواز الفاظ (صفحہ 25)

- طلبا کو صفحہ 25 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔ خالی جگہیں پُر کرنے کے بعد بچّے بآواز بلند نظم پڑھیں اور استاد ہم آواز الفاظ پر زور دیں۔
- بعدازاں، بچّوں سے کہیے کہ ہر سطر میں ہم آواز الفاظ کے گرد دائرہ بنائیں ۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچّوں سے کہیے کہ جسمانی حرکات وسکنات اور اشاروں کے ساتھ کوئی بھی نظم پڑھیں جو انھیں یاد ہو، اور اس دوران ہم آواز الفاظ سنائی دینے پر تالی بجائیں۔

**Listening and speaking – Rhyming words (Page 26)**

- Prepare flash cards of the words and picture given on page 26 or write them on the board. (Appendix 2c)
- In groups of 4 or 5, ask children to match each picture with the word. For example, match the picture of a cat with the word 'cat'.
- You can first demonstrate the activity in class, and then, ask the children to complete the task as a group, ensuring that each student gets an opportunity to do the activity.
- Later, ask children to complete the activity on page 26 by tracing the word that matches each picture.
- Help children to read each word clearly so that the children can understand the correct pronunciation of the word and repeat after you.

**LESSON 4**

**OBJECTIVES**

- Identify vowels and consonants
- Differentiate between vowels and consonants
- Learn words with 'ad' and 'ed' sounds
- Learn rhyming words
- Listen to and discuss a story
- Retell a story

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- recall and write vowels and consonants.
- learn words with 'ad' and 'ed' sounds.
- add correct vowels to complete words.
- identify rhyming words.
- enjoy listening to and understand simple stories.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AID)**

- Word cards (Appendix 2d)

**METHOD**

**Listening, speaking, and reading – Story time, 'Bhalu the bear' (Page 27)**

- Have the children seated in a circle. Tell them that today they are going to hear the story, 'Bhalu the bear', given on page 27. Show them the word cards (Appendix 2d) and also write these words on the board – Bhalu, bed, bear, big, brown, bear, bee, buzz, and broke. Help them to read these words.

## سننا اور بولنا۔ہم آواز الفاظ (صفحہ 26)

- صفحہ 26 پر دیے گئے الفاظ و تصاویر کے فلیش کارڈز تیار کیجیے یا یہ الفاظ بورڈ پر لکھ دیجیے (ضمیمہ 2c)۔
- چار چار یا پانچ پانچ طلبا کے گروپ بنادیجیے اور بچّوں سے کہیے کہ ہرتصویر کو موزوں لفظ کے ساتھ ملائیں۔ مثال کے طور پر بلی کی تصویر کو لفظ cat کے ساتھ ملایا جائے گا۔
- پہلے آپ کلاس میں اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کرسکتے ہیں اور پھر طلبا کو ایک گروپ کی صورت میں یہ کام انجام دینے کی ہدایت کرسکتے ہیں، تاہم اس بات کو یقینی بنائیے کہ ہر طالب علم کو سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع مل جائے۔
- اس کے بعد بچّوں کو صفحہ 26 پر موجود سرگرمی مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے جس میں ہرتصویر کے متعلقہ لفظ کو ٹریس کیا جائے گا یعنی اس کے نقطے ملائے جائیں گے۔
- ہر لفظ کی واضح طور پر ادائیگی کرنے میں طلبا کی مدد کیجیے تا کہ وہ ہر لفظ کا درست تلفظ سمجھ جائیں اور آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔

# سبق 4

## مقاصد

- حروفِ علّت اور حروف صحیح کی پہچان کرنا
- حروفِ علّت اور حروف صحیح کے مابین فرق کرنا
- ad اور ed کی آواز والے الفاظ سیکھنا
- ہم آواز الفاظ سیکھنا
- کہانی سننا اور زیر بحث لانا
- کہانی دوبارہ سنانا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- حروفِ علّت اور حروفِ صحیح ذہن میں تازہ کرتے ہوئے لکھ سکیں۔
- ad اور ed کی آواز والے الفاظ سیکھ جائیں۔
- الفاظ مکمل کرنے کے لیے درست حروف علت کا اضافہ کرسکیں۔
- ہم آواز الفاظ پہچان سکیں۔
- سادہ اور آسان کہانیوں سے لطف اندوز ہوں اور انھیں سمجھ سکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- لفظی اور تصویری کارڈ (ضمیمہ 2d)

## طریقۂ کار

### سننا، بولنا اور پڑھنا۔کہانی کا وقت 'Bhalu the bear' (صفحہ 27)

- بچّوں کو ایک دائرے کی شکل میں بٹھالیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج وہ صفحہ 27 پر دی گئی کہانی پڑھیں گے جس کا عنوان ہے،Bhalu the bear۔ انھیں لفظی کارڈ دکھائیے (ضمیمہ 2d) اس کے ساتھ ساتھ یہ لفظ بورڈ پر بھی لکھ دیجیے Bhalu ، bed ، bear ، big ، brown ، bear ، bee ، buzz اور broke۔ ان الفاظ کو پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔

- Then, ask them to look at the pictures and guess the story. Ask the following questions:
    a. What do you see in the pictures?
    b. What do you think the story is about?, etc.
- Emphasizing on the 'b' sound, read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. At the end of the story ask the children: What was the name of the bear? What had happened to Bhalu? How did he react? Did you enjoy the story? What did you enjoy the most? Why?
- Ask student to read and underline the words beginning with the letter 'b'.

**Listening, speaking, and writing – Making new words (Page 28)**

- Have the children seated in a circle. Brainstorm with the children about words ending with 'ad' and 'ed'.
- Ask children to complete the activity on page 28 by adding 'ad' and 'ed'. Help them to read the words.

**LESSON 5**

**OBJECTIVES**

- Identify vowels and consonants
- Differentiate between vowels and consonants
- Learn words with 'et' sounds.
- Learn rhyming words
- Recite poems
- Classify things

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- recall and write vowels and consonants.
- learn words with 'et' sounds.
- add correct vowels to complete words.
- recite poems with actions.
- classify things according to different criteria.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Word wheels made on chart paper similar to ones given on pages 22 and 23 and corresponding pictures
- Word cards (Appendix 2e)

- اب بچّوں سے کہیے کہ تصاویر کو غور سے دیکھیں اور کہانی بوجھنے کی کوشش کریں۔ مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:
  الف۔ تصاویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟
  ب ۔ آپ کے خیال میں کہانی کیا ہے؟ وغیرہ ۔
- b کی آواز پر زور دیتے ہوئے کہانی پڑھیے۔ اس دوران چند بار توقف کرتے ہوئے طلبا سے پوچھیے کہ آگے کیا ہوگا؟ کہانی کے اختتام پر ان سے پوچھیے: ریچھ کا نام کیا تھا؟ بھالو کے ساتھ کیا ہوا تھا؟ اس نے کیا ردِعمل ظاہر کیا تھا؟ کیا آپ کو کہانی سننے میں مزہ آیا؟ سب سے زیادہ کس بات نے لطف دیا؟ اور کیوں؟
- طلبا سے کہیے کہ پڑھیں اور b سے شروع ہونے والے الفاظ خط کشیدہ کرتے جائیں۔

## سننا، بولنا اور لکھنا۔نئے الفاظ بنانا (صفحہ 28)

- بچّوں کو ایک دائرے کی شکل میں بٹھائیے۔ ان کے ساتھ مل کر ad اور ed پر ختم ہونے والے الفاظ پر غور کیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ ad یا ed کا اضافہ کرتے ہوئے صفحہ 28 پر دی گئی سرگرمی مکمل کریں۔ الفاظ کو پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔

# سبق 5

## مقاصد

- حروفِ علّت اور حروف صحیح کی پہچان کرنا
- حروفِ علّت اور حروف صحیح کے درمیان فرق کرنا
- et کی آواز والے الفاظ سیکھنا
- ہم آواز الفاظ سیکھنا
- نظمیں پڑھنا
- اشیا کی درجہ بندی کرنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:
- حروفِ علّت اور حروف صحیح ذہن میں دہراتے ہوئے لکھ سکیں۔
- et کی آواز والے الفاظ سیکھ جائیں۔
- الفاظ مکمل کرنے کے لیے درست حروفِ علّت کا اضافہ کرسکیں۔
- جسمانی حرکات اور اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھ سکیں۔
- مختلف معیارات یا شرائط کے تحت اشیا کی درجہ بندی کرسکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- صفحہ 22 اور 23 پر دیے گئے لفظی پہیوں سے مشابہ چارٹ پیپر پر بنے ہوئے لفظی پہیے، اور متعلقہ تصاویر
- لفظی کارڈ (ضمیمہ 2e)

## METHOD

### Listening, speaking, and writing – Vowels (Pages 29, 30, and 31)

- Recall the sounds of 'a' and 'e'. Ensure that the children can differentiate between the two sounds. Brainstorm the words that have the 'a' and 'e' sounds.
- Prepare word cards of the words on page 29 (Appendix 2e) or write them on the board. In pairs, ask students to insert the missing vowel to complete each word. A few children can be asked to come and share the words with the class.
- Later, should students, complete page 29.
- Next, ask them to trace the words on page 30 and then write some words of their own. Children can be referred to the words on the board from the brainstorming activity.
- Recite the poem given on page 31 with actions and ask the children to repeat after you.

### Classroom activity - Families (Page 32)

- Introduce children to the concept of other families like animals, insects, musical instruments, zoo animals, etc. This will help to enhance vocabulary and understanding of grouping and classification.
- Read page 32 and explain that these things belong to particular groups or families. For example, desks, tables, chairs, and bookshelves belong to the furniture family; bananas, apples, grapes, and mangoes belong to the fruit family; and potatoes, carrots, spinach, and cucumbers belong to the vegetable family.
- Ask students to add more words to the furniture, fruit, and vegetable groupings.
- Later, students can complete the activity on page 32.

## طریقۂ کار

### سننا، بولنا اور لکھنا-حروف علّت (صفحہ 29، 30، اور 31)

- a اور e کی آواز دہرائیے۔ یہ امر یقینی بنائیے کہ بچّے دونوں آوازوں کے درمیان فرق کرسکیں۔ طلبا کے ساتھ مل کر a اور e کی آواز کے حامل الفاظ پر غور کیجیے۔
- صفحہ 29 پر دیے گئے الفاظ کے لفظی کارڈ بنائیے (ضمیمہ 2e) یا انھیں بورڈ پر تحریر کردیجیے۔ طلبا کی جوڑیاں بنائیے اور ان سے کہیے کہ حروفِ علّت سے خالی جگہ پُر کرتے ہوئے لفظ مکمل کریں۔ کچھ بچّوں سے کہا جاسکتا ہے کہ سامنے آکر اپنے مکمل کردہ الفاظ ہم جماعتوں کو دکھائیں۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 29 مکمل کریں۔
- اب طلبا سے کہیے کہ صفحہ 30 پر دیے گئے الفاظ کے نقطے ملا کر مکمل کریں اور اپنی طرف سے بھی کچھ الفاظ لکھیں۔ اس سلسلے میں بچّوں کی توجہ، اجتماعی غوروفکر کی سرگرمی کے بعد بورڈ پر لکھے گئے الفاظ کی طرف مبذول کروائی جاسکتی ہے۔
- صفحہ 31 پر دی گئی نظم اشاروں کے ساتھ پڑھیے اور طلبا کو ہدایت کیجیے کہ آپ کی نقل کرتے جائیں۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی-خاندان (صفحہ 32)

- بچّوں کو دوسرے خاندانوں کے تصور سے متعارف کروائیے جیسے جانور، کیڑے مکوڑے، آلات موسیقی، چڑیا گھر کے جانور وغیرہ کے خاندان۔ اس سے ذخیرۂ الفاظ کو وسیع کرنے اور گروہ بندی اور درجہ بندی کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔
- صفحہ 32 پڑھیے اور واضح کیجیے کہ یہ چیزیں مخصوص گروہوں یا خاندانوں سے تعلق رکھتی ہیں۔ مثال کے طور پر ڈیسک، میزیں، کرسیاں اور بُک شیلف فرنیچر کے خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؛ کیلے، سیب، انگور اور آم کا تعلق پھلوں کے خاندان سے ہے؛ اسی طرح آلو، گاجریں، پالک اور کھیرے سبزیوں کے خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔
- طلبا سے کہیے کہ فرنیچر، پھل، اور سبزی کے خاندان میں مزید الفاظ کا اضافہ کریں۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 32 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرسکتے ہیں۔

# Unit 3

## The animal family

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Learn the names of some animals and their babies
- Learn simple action words
- Recite and discuss a poem
- Write simple words

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- name some animals, and talk about their babies and their homes.
- recite poem with actions.
- talk about simple action words.
- recite and discuss a poem and answer questions.
- write simple words.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Pictures of animals and their babies

**METHOD**

**Listening, speaking, and reading – Introduction animals and their babies (Pages 33, 34, 35, and 36)**

- Prepare picture cards of the animals and their babies and display one set on the board. Talk to children about the animals and what their babies are called.
- Divide students into groups of 4 or 5. Provide each group separate pictures of some animals and their babies. Ask students to match the picture of the animals with their babies. For example, the picture of a lion will be matched with the picture of a cub. You can first demonstrate the activity and then ask them to complete the task as a group, ensuring that each student gets a chance to do the activity. Randomly ask students to share their work with the whole class.
- Then, ask children to complete the activities on pages 33 and 34.
- In the same manner, prepare a similar activity by asking children to match the animals to their homes as given on page 35.
- You can also invite children to talk to the class about their favourite animal. For example, they can name their favourite animal, say what its baby is called, what sound it makes, what it likes to eat, where it lives, etc.

# باب 3

## جانوروں کا خاندان

### سبق 1

### مقاصد

- کچھ جانوروں اور ان کے بچّوں کے نام جاننا
- سادہ فعلی الفاظ سیکھنا
- نظم پڑھنا اور زیرِ بحث لانا
- سادہ الفاظ لکھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- کچھ جانوروں کے نام بیان کرتے ہوئے ان کے بچّوں اور گھروں کو زیرِ بحث لانا۔
- اشاروں کی مدد سے نظم پڑھ سکیں۔
- سادہ فعلی الفاظ پر بات چیت کرسکیں۔
- نظم پڑھ کر اس پر اظہارِ خیال کرسکیں اور سوالات کے جوابات دے سکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- جانوروں اور ان کے بچّوں کی تصاویر

### طریقۂ کار

#### سننا، بولنا، اور پڑھنا-جانوروں اور ان کے بچّوں کا تعارف (صفحہ 33، 34، 35 اور 36)

- جانوروں اور ان کے بچّوں کے تصویری کارڈز تیار کیجیے اور ایک سیٹ بورڈ پر لگادیجیے۔طلبا سے جانوروں کے بارے میں بات چیت کیجیے نیز یہ کہ ان کے بچّے کیا کہلاتے ہیں۔
- چار یا پانچ طلبا پر مشتمل گروپ بنائیے۔ ہر گروپ کو کچھ جانوروں اور ان کے بچّوں کی الگ الگ تصویریں فراہم کیجیے۔ اب ان سے کہیے کہ جانوروں کی تصاویر کو ان کے بچّوں کی تصویروں سے ملائیں۔ مثال کے طور پر شیر (lion) کی تصویر اس کے بچّے (cub) کی تصویر سے ملائی جائے گی۔ پہلے آپ اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کیجیے اور پھر طلبا کو ایک گروپ کی شکل میں یہ کام مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔ اس بات کو یقینی بنائیے کہ ہر طالب علم کو اس سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع ملے۔ طلبا سے کہیے کہ اپنا کام ہم جماعتوں کے سامنے پیش کریں۔
- اس کے بعد انھیں صفحہ 33 اور 34 پر درج سرگرمیاں مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- اسی طریقے سے صفحہ 35 پر مذکور سرگرمی کے مطابق ایک سرگرمی تیار کیجیے اور بچّوں سے کہیے کہ جانوروں کو ان کے گھروں یا مساکن سے ملائیں۔
- آپ بچّوں کو بُلا کر ان سے کہہ سکتے ہیں کہ اپنے ساتھیوں کو اپنے پسندیدہ جانور کے بارے میں بتائیں۔ مثال کے طور پر وہ اپنے پسندیدہ جانور کا نام بتاسکتے ہیں، نیز یہ کہ اس کا بچّہ کیا کہلاتا ہے، یہ کیسی آواز نکالتا ہے، اس کی خوراک کیا ہے، کہاں رہتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

**Classroom activity – Poem (Page 36)**

- Begin by reciting the poem given on page 36 with actions. Ask students to repeat after you. You can add other animal names and their sounds as you recite the poem.

**LESSON 2**

**OBJECTIVES**

- Learn words with 'id', 'ig', 'ib', 'im', 'in', 'ip', and 'it' sounds
- Learn simple action words
- Listen to and discuss a story
- Write simple words

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- learn words with 'id', 'ig', 'ib', 'im', 'in', 'ip', and 'it' sounds.
- talk about simple action words.
- listen to and discuss a story and answer questions.
- write simple words.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Vowel cards (Appendix 1f)
- Pictures of a few things, e.g. hat, mat, cat, hen, tin, etc.

**METHOD**

**Reading and writing – Words with 'i' (Page 37)**

- Read the 'id', 'ig', 'ib', 'im', 'in', 'ip', and 'it' words given on page 37. Ask students to repeat after you.
- Ask the children to make words ending in 'id', 'in', 'ip', and 'it'. List the responses on the board.
- Later, students practise writing some 'i' words on page 37. They can share their words with other students in the class.

**Reading – Fill in the missing vowel: a, e, i. (Page 38)**

- Divide students in small groups. Provide each group with an envelope containing vowel cards - a, e, i. (Appendix 1f)
- Write the words as given on page 38, e.g. h__ t and show a picture of a hat. Ask the children to pick the correct vowel to complete the word h-a-t. If there is time, give some more three-letter words and ask students to circle the vowels.
- Ask students to complete the activity on page 38.

## کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔نظم (صفحہ 36)

- صفحہ 36 پر دی گئی نظم اشاروں کے ساتھ پڑھتے ہوئے آغاز کیجیے۔طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہرائیں۔نظم پڑھتے ہوئے آپ اس میں دوسرے جانوروں اور ان کی آوازوں کا اضافہ کرسکتے ہیں۔

## سبق 2

### مقاصد

- id ، ig ، ib ، im ، in ، ip اور it کی آواز والے الفاظ سیکھنا
- سادہ فعلی الفاظ جاننا
- کہانی سننا اور زیرِبحث لانا
- سادہ الفاظ لکھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- id ، ig ، ib ، im ، in ، ip اور it کی آواز والے الفاظ سیکھ جائیں۔
- سادہ فعلی الفاظ پر اظہار خیال کرسکیں۔
- کہانی سن کر اس پر اظہار خیال کرسکیں اور سوالوں کے جواب دے سکیں
- سادہ الفاظ تحریر کرسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروفِ علّت کے کارڈ (ضمیمہ 1f)
- چند اشیا جیسے hat (ٹوپی)، mat (چٹائی)، cat(بلی)، hen (مرغی)، tin (ٹین) وغیرہ کی تصاویر۔

### طریقۂ کار

### پڑھنا اور لکھنا۔الفاظ جن میں i موجود ہو (صفحہ 37)

- صفحہ 37 سے id ، ig ، ib ، im ، in ، ip اور it کی آواز والے الفاظ پڑھیے۔طلبا کو اپنے ساتھ ساتھ دہرانے کی ہدایت کردیجیے۔
- بچّوں سے کہیے کہ id ، in ، ip اور it پر ختم ہونے والے الفاظ بنائیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر تحریر کردیجیے۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 37 سے کچھ الفاظ لکھنے کی مشق کریں گے جن میں i موجود ہو۔ وہ اپنے الفاظ سے ہم جماعتوں کو بھی آگاہ کرسکتے ہیں۔

### پڑھنا۔حروفِ علّت a ، e ، i سے خالی جگہیں پُر کرنا (صفحہ 38)

- طلبا کے چھوٹے چھوٹے گروپ بنا دیجیے۔ ہر گروپ کو ایک لفافہ مہیا کیجیے جس کے اندر حروفِ علّت a ، e ، i کے کارڈز موجود ہوں (ضمیمہ 1f)۔
- الفاظ لکھیے جیسے صفحہ 38 پر دیے گئے ہیں مثلاً h__t اور اسی کے ساتھ انگریزی ٹوپی یا ہیٹ کی تصویر دکھائیے۔طلبا سے کہیے کہ درست حرفِ علّت کی مدد سے لفظ h-a-t مکمل کریں۔ اگر وقت باقی ہو تو طلبا کو مزید تین حرفی الفاظ دے دیجیے اور کہیے کہ ان میں حروفِ علّت کے گرد دائرہ بنائیں۔
- طلبا کو صفحہ 38 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرنے کی ہدایت کردیجیے۔

**Listening, speaking, and reading – Story time, 'Laila is lost' (Pages 39 and 40)**

- Write these words on the board – lion, cub, jungle, and river. Help the students to read these words. Have the children seated in a circle. Tell them that today they are going to hear the story, 'Laila is lost'.
- Ask them to read the pictures in their books, and guess what the story is going to be about. Ask the following questions:
    a. What do you see in the pictures?
    b. What do you think the story is about? Help them to read the title and guess what the story would be about.
- Read the story, emphasizing on the 'l' sound. Stop a few times to ask them to predict what will happen next. At the end of the story ask these questions: Who is Laila? Who is her brother? Where do they live? Where does Laila find her family? Did you enjoy the story? What did you enjoy the most? Why? Retell the story.
- Next, read page 40, explain the task, ask students to complete the activity.
- As an extension activity students can role-play the story.

## سننا، بولنا اور پڑھنا۔کہانی کا وقت، Laila is lost (صفحہ 39 اور 40)

- بورڈ پر یہ لفظ تحریر کیجیے۔ lion ، cub ، jungle اور river - ان الفاظ کو پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ بچّوں کو دائرے کی شکل میں بٹھالیجیے، پھر انھیں بتایئے کہ آج وہ کہانی سنیں گے جس کا عنوان ہے Laila is lost (لیلیٰ کھوگئی)۔
- طلبا سے کہیے کہ وہ کتابوں میں تصاویر کو غور سے دیکھیں اور بوجھنے کی کوشش کریں کہ یہ کہانی کس کی ہے؟ مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:
  الف۔ تصویروں میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟
  ب۔ آپ کے خیال میں کہانی کس بارے میں ہے؟ عنوان پڑھنے اور کہانی بوجھنے میں ان کی مدد کیجیے۔
- کہانی پڑھیے اور اس دوران l کی آواز پر زور دیجیے۔ درمیان میں چند بار وقفہ دیتے ہوئے بچّوں سے پوچھیے کہ آگے کیا ہوگا؟ کہانی کے اختتام پر یہ سوالات پوچھیے: لیلیٰ کون ہے؟ اس کا بھائی کون ہے؟ وہ کہاں رہتے ہیں؟ لیلیٰ کو اس کا خاندان کہاں ملا؟ کیا کہانی سن کر آپ کو مزہ آیا؟ کون سی بات آپ کو سب سے زیادہ پُرلطف لگی؟ اور کیوں؟ کہانی دوبارہ سنایئے۔
- اب صفحہ 40 پڑھیے، کام کی وضاحت کیجیے اور پھر بچّوں کو سرگرمی مکمل کرنے کی ہدایت کیجیے۔
- اضافی سرگرمی کے طور پر طلبا اس کہانی کو اداکاری کے ذریعے پیش کرسکتے ہیں۔

# Unit 4

## In my garden

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Discuss the things in the environment
- Read words with 'o'
- Write simple words

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- talk about the things in the environment.
- read 'o' words with correct pronunciation.
- write simple words.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Some leaves and flowers collected from the garden

**METHOD**

**Listening, speaking, and reading – In my garden (Page 41)**

- Ask the students to sit in a large circle. Ask them to look at the picture of a garden given on page 41. Next, ask the following questions:
    a. Have you been to a garden?
    b. When did you go (time of the day)?
    c. What did you see there?
    d. What did you do there?
- After that, ask them to name the things they can see in this picture. List their responses on the board.

**Classroom activity – Parts of a plant (Page 41)**

- Show the students a picture of a plant. Ask students to name the parts of a plant, e.g. flower, petals, leaves, stems, and roots. Write these words on the board and help the students to read them.
- Prior to the class, collect leaves and flowers (one for each child) and ask them to draw a plant showing the different parts. The students can then paste the leaves and flowers in their books. Display their work in the class.

# میرے باغ میں

## سبق 1

### مقاصد

- ماحول میں موجود اشیا پر گفتگو کرنا
- o والے الفاظ پڑھنا
- سادہ الفاظ لکھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- ماحول میں موجود چیزوں پر بات چیت کرسکیں۔
- o والے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ ادا کرسکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- باغ میں سے جمع کیے گئے چند پتے اور پھول

### طریقۂ کار

### سننا، بولنا، اور پڑھنا-میرے باغ میں (صفحہ 41)

- طلبا سے کہیے کہ ایک بڑے دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ اب ان سے کہیے کہ صفحہ 41 پر دی گئی باغ کی تصویر کو غور سے دیکھیں۔ پھر ان سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

  الف۔ کیا آپ کبھی باغ میں گئے ہیں؟

  ب۔ آپ کب گئے تھے؟ (دن کا وقت)

  ج۔ آپ نے وہاں کیا دیکھا؟

  د۔ آپ نے وہاں کیا کیا؟
- اب طلبا سے کہیے کہ ان چیزوں کے نام بتائیں جو انھیں اس تصویر میں نظر آرہی ہیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر تحریر کردیجیے۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی-پودے کے حصے (صفحہ 41)

- طلبا کو پودے کی تصویر دکھایئے۔ ان سے کہیے کہ پودے کے حصوں کے نام بتائیں، جیسے پھول، پتیاں، پتے، تنا اور جڑیں۔ بورڈ پر یہ الفاظ درج کردیجیے اور انھیں پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔
- کلاس کے آغاز سے قبل پھول اور پتّے (ہر بچّے کے لیے ایک) جمع کیجیے اور پھر ان سے کہیے کہ ایک پودے کی شکل بنا کر اس کے مختلف حصے دکھائیں۔ اس کے بعد طلبا پتّے اور پھول اپنی کتابوں میں چسپاں کرسکتے ہیں۔ ان کا کام کمرۂ جماعت میں دکھایئے۔

**Reading – Words with ‘o’ (Page 42)**

- Remind students that ‘o’ is a vowel. Read the ‘ob’, ‘ot’, ‘od’, ‘og’, ‘op’, and ‘ox’ words given on page 42.
- Brainstorm with the children about other ‘o’ words. List them on the board. For example, cob, hob, God, bog, cog, hog, pop, jot, lot, rot, tot.

**Writing (Page 42)**

- Ask students to practise writing some ‘o’ words on page 42. Ask them to then, share their words with other students.

**LESSON 2**

**OBJECTIVES**

- Discuss the things in the environment
- Enjoy listening to and reading stories
- Learn numbers 1-10

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- talk about the things in the environment.
- write simple words.
- enjoy listening to and reading stories.
- count numbers 1-10.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Word cards (Appendix 4a)
- Some common objects like counters, pegs, balls, shells, etc., that can be used for counting
- Number cards 1-10 (Appendix 4b)

**METHOD**

**Listening, speaking, and reading – Story time, ‘The tiny fairies’ (Page 43)**

- Display the word cards (Appendix 4a) on the soft board. Help students to read the words and tell them that today they are going to hear the story, ‘The tiny fairies’ given on page 43.
- Ask them to look at the pictures and guess what the story is going to be about. Ask the following questions:
    a. What do you see in the pictures?
    b. What do you think the story is about?, etc.

## پڑھنا- o والے الفاظ (صفحہ 42)

- طلبا کو یاد دلائیے کہ o ایک حرفِ علّت ہے۔صفحہ 42 پر دیے گئے ob ، ot ، od ، og ، op اور ox والے الفاظ پڑھیے۔
- طلبا کے ساتھ مل جل کر دوسرے الفاظ کے بارے میں سوچ بچار کیجیے جن میں o شامل ہو۔ یہ الفاظ بورڈ پر لکھ دیجیے۔مثال کے طور پر cob ، hob ، God ، bog ، cog ، hog ، pop ، jot ، lot ، rot ، tot وغیرہ۔

## لکھنا (صفحہ 42)

- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 42 پر دیے گئے o والے کچھ الفاظ لکھنے کی مشق کریں۔ اس کے بعد، ان سے کہیے کہ اپنے اپنے الفاظ دوسرے طلبا کو دکھائیں۔

# سبق 2

## مقاصد

- ماحول میں موجود اشیا کو زیرِ بحث لانا
- کہانیاں سن کر لطف اندوز ہونا اور کہانیاں پڑھنا
- 1 سے لے کر 10 تک اعداد سیکھنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- ماحول میں موجود مختلف اشیا پر گفتگو کرسکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔
- کہانیاں سننے اور پڑھنے سے لطف اندوز ہوں۔
- 1 سے لے کر 10 تک گنتی گن سکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- لفظی کارڈز (ضمیمہ 4a)
- کچھ عام سی اشیا جنھیں گنتی کے لیے استعمال کیا جاسکے جیسے کاؤنٹرز، چھوٹی چھوٹی کھونٹیاں یا گیندیں، سیپیاں وغیرہ
- 1 سے لے کر 10 تک اعداد کے کارڈز (ضمیمہ 4b)

## طریقۂ کار

## سننا، بولنا، اور پڑھنا-کہانی کا وقت،‘The tiny fairies’(صفحہ 43)

- سوفٹ بورڈ پر لفظی کارڈز (ضمیمہ 4a) لگا دیجیے۔ ان الفاظ کو پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے اور انھیں بتائیے کہ آج وہ کہانی The tiny fairies (ننھی پریاں) سنیں گے جو صفحہ 43 پر دی گئی ہے۔
- ان سے کہیے کہ تصاویر کو غور سے دیکھیں اور بوجھیں کہ کہانی کس بارے میں ہوگی۔طلبا سے یہ سوالات پوچھیے:

  الف۔ تصاویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟

  ب۔ آپ کے خیال میں کہانی کس کے بارے میں ہے؟ وغیرہ۔

- Read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. After you have read the story ask the children: What are the names of the two fairies? Who were they attacked by? What happened to Tip and Toe? Who helped them? How did they thank the or their (according to the story) grandmother? Did you enjoy the story? What did you enjoy the most? Why?
- Retell the story.

**Counting – 1 to 10 (Pages 44 and 45)**

- Give some objects and a set of number cards to the students (Appendix 4b). Tell them that they will count the objects and place the correct number card beside each set of objects. Demonstrate the activity for the children. Pick up a number card, e.g. 2. Take out two shells, and say one and two, and then place the number card 2 with the two shells. Continue with the rest of the objects and number cards 1-10.
- Ask the students to do the same activity in groups.
- Divide students into groups of 4 or 5. Ensure that each child has a container with some objects and a set of number cards 1-10. Ask children to place the number cards in front of them. They should count the objects that represents the number cards and place them next to the corresponding number card. As the children work, support them where required.
- Later, you can ask the children to complete the activity or activities on pages 44 and 45.


OXFORD UNIVERSITY PRESS

- کہانی پڑھیے، اس درمیان چند بار وقفہ کیجیے اور بچّوں سے پوچھیے کہ کہانی میں آگے کیا ہوگا؟ جب کہانی پڑھ چکیں تو بچّوں سے پوچھیے: دونوں پریوں کے نام کیا ہیں؟ ان پر حملہ کس نے کیا تھا؟ Tip اور Toe کے ساتھ کیا ہوا تھا؟ ان کی مدد کس نے کی؟ انھوں نے دادی جان یا (کہانی کے مطابق) اپنی دادی جان کا کیسے شکریہ ادا کیا؟ کیا کہانی سن کر آپ کو مزہ آیا؟ کون سی بات آپ کو سب سے زیادہ پُرلطف محسوس ہوئی؟ اور کیوں؟
- کہانی دوبارہ سنائیے۔

## گننا۔1 تا 10 (صفحہ 44 اور 45)

- طلبا کو کچھ چیزیں اور نمبر کارڈز کا ایک سیٹ دے دیجیے (ضمیمہ 4b)۔ انھیں بتائیے کہ وہ چیزوں کو گنیں گے اور پھر چیزوں کے ہر سیٹ کے ساتھ اس عدد کا حامل کارڈ رکھیں گے جتنی ان چیزوں کی تعداد ہوگی۔ بچّوں کے لیے اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کیجیے۔ ایک نمبر کارڈ اٹھائیے مثلاً 2۔ دو سیپیاں نکالیے اور کہیے ایک اور دو، پھر 2 کا نمبر کارڈ دونوں سیپوں کے ساتھ رکھ دیجیے۔ باقی اشیا اور 1 سے لے کر 10 تک اعداد کے حامل کارڈز کے ساتھ یہی سرگرمی دہرائیے۔
- طلبا کو ہدایت کیجیے کہ گروپوں کی شکل میں یہ سرگرمی انجام دیں۔
- چار چار یا پانچ پانچ طلبا پر مشتمل گروپ بنادیجیے۔ اس امر کو یقینی بنائیے کہ ہر بچّے کے پاس ایک کنٹینر میں کچھ چیزیں اور 1 سے لے کر 10 تک اعداد کے کارڈ کا سیٹ موجود ہو۔ بچّوں سے کہیے کہ نمبر کارڈ اپنے سامنے رکھ لیں۔ اب وہ چیزیں گنتے جائیں اور ان کارڈز کے سامنے رکھتے جائیں جن پر ان چیزوں کی تعداد کے مطابق عدد درج ہو۔ اس سرگرمی کے دوران جہاں طلبا کو ضرورت ہو ان کی مدد کیجیے۔
- اس کے بعد آپ بچّوں کو صفحہ 44 اور 45 پر دی گئی سرگرمی یا سرگرمیاں مکمل کرنے کی ہدایت کر سکتے ہیں۔

# Unit 5

## The underwater world

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Name and learn about things in the environment
- Read words with ‘u’

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- name and discuss animals and things in the environment.
- read ‘u’ words with correct pronunciation.
- write simple words.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Vowel and consonant cards (Appendices 1f and 1g)
- Pictures of some words given on page 47

**METHOD**

**Listening and speaking – Introduction to sea animals (Page 46)**

- Ask the students to sit in a large circle. Show some pictures of sea animals and fishes and ask the following questions:
    a. Have you been to the seaside or for a boat ride?
    b. When did you go (time of the day)?
    c. What did you see there?
    d. What did you do there?
    e. Did you enjoy your visit?
- Next, you can ask them to name the things they see on page 46. Talk to them about some sea animals and then ask the children to draw and make cut-outs of various shells animals using glazed paper.

**Listening and speaking – Words with ‘u’ (Page 47)**

- Remind children that the letter ‘u’ is a vowel. Inform the children that they will be making simple three-letter words with the letters: ‘ud’, ‘up’, ‘um’, ‘ub’, ‘ug’, ‘un’ and ‘ut’. Also explain that you would be supporting them as they work.

# باب 5

## زیرآب دنیا

### سبق 1

#### مقاصد

- ماحول میں موجود اشیا کے نام بتانا اور ان کے بارے میں جاننا
- u والے الفاظ پڑھنا

#### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ :

- ماحول میں موجود اشیا اور جانوروں کے نام بتانا اور ان پر گفتگو کرنا۔
- درست تلفظ کے ساتھ u والے الفاظ پڑھنا۔
- سادہ الفاظ لکھنا۔

#### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- حروفِ علّت اور حروفِ صحیح کے کارڈز (ضمیمہ 1f اور 1g)
- صفحہ 47 پر دیے گئے چند الفاظ کی تصاویر

#### طریقۂ کار

#### سننا اور بولنا۔سمندری جانوروں کا تعارف (صفحہ 46)

- طلبا سے کہیے کہ ایک بڑے دائرے کی صورت میں بیٹھ جائیں۔ اب کچھ سمندری جانوروں اور مچھلیوں کی تصویریں دکھائیے اور مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:
  الف۔ کیا آپ کبھی ساحلِ سمندر پر گئے ہیں یا کشتی میں سفر کیا ہے؟
  ب۔ آپ کب گئے تھے (دن میں کس وقت)؟
  ج۔ آپ نے وہاں کیا دیکھا تھا؟
  د۔ آپ نے وہاں کیا کیا تھا؟
  ہ۔ کیا اس سفر/سیر سے آپ نے لطف اٹھایا تھا؟
- اس کے بعد آپ طلبا سے کہہ سکتے ہیں کہ صفحہ 46 پر دی گئی اشیا کے نام بتائیں۔ ان سے سمندری جانوروں کے بارے میں گفتگو کیجیے اور پھر کہیے کہ چمک دار کاغذ (گلیز پیپر) پر مختلف جانوروں کے خول کی شکل بنائیں اور پھر انھیں کاٹ کر علیحدہ کرلیں۔

#### سننا اور بولنا۔الفاظ جن میں u شامل ہو (صفحہ 47)

- طلبا کو یاد دلائیے کہ u حرفِ علّت ہے۔ انھیں بتائیے کہ وہ ان حروف کا استعمال کرتے ہوئے سادہ سہ حرفی الفاظ بنائیں گے: ud ، up ، um ، ub ، ug ، un اور ut۔ یہ بھی بتا دیجیے کہ اس کام کے دوران آپ اُن کی مدد و رہنمائی کرتے رہیں گے۔

- You can refer to the word wheel shown on pages 22 and 23 for this activity. Show the children how to make words from this set with the help of the pictures and word wheel. For example, hold up the picture of a bud, and turn the word wheel to find the letters b-ud to make the word; place the completed word next to the picture.
- Next, divide the children in small groups give them sets of letter and vowel cards (Appendices 1f and 1g). Ask the children to use these letters to make words. They can then share the words they have made in class.

**Writing (Page 47)**

- Ask the children to share the words they have made. List these on the board and then they can copy these or write their own words in their books.

**Reading and writing (Page 48)**

- Ask students to look at the pictures, name them, and then try to spell the words. Help them to read the letters and name the missing letter. Students can then complete the work by adding the missing letter.
- Later, children can complete the next activity on page 48, by adding the missing vowel to complete the words.
- Ask students to share their work with their classmates and to check that they have the same answers. Their responses can be discussed in the classroom.

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Name and learn about things in the environment
- Read words with 'u'
- Listen to and discuss a story
- Recite poems

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- name and discuss animals and things in the environment.
- read 'u' words with correct pronunciation.
- listen to and discuss a story, and answer questions.
- recite poems.
- write simple words.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Word and picture cards as given on page 49
- Word cards (Appendix 5a)

- اس سرگرمی کے لیے آپ صفحہ 22 اور 23 پر موجود لفظی پہیے کا حوالہ بھی دے سکتے ہیں۔ بچّوں کو عملی مظاہرے کے ذریعے بتایئے کہ تصاویر اور لفظی پہیے سے مدد لیتے ہوئے اس سیٹ سے الفاظ کیسے بنائے جائیں۔ مثال کے طور پر کلّی کی تصویر ہاتھ میں پکڑ کر بلند کیجیے، پھر b اور ud کے حروف تلاش کرنے کے لیے لفظی پہیے کو گھمایئے، اس کے بعد مکمل لفظ تصویر کے ساتھ رکھ دیجیے۔
- اب بچّوں کے چھوٹے چھوٹے گروپ بنا کر انھیں حروف اور حروفِ علّت کے کارڈز کے سیٹ دے دیجیے (ضمیمہ 1f اور 1g)۔ طلبا سے کہیے کہ ان حروف کا استعمال کرتے ہوئے الفاظ تشکیل دیں۔ بعدازاں طلبا اپنے بنائے گئے الفاظ ہم جماعتوں کو دکھا سکتے ہیں۔

## لکھنا (صفحہ 47)

- طلبا سے کہیے کہ اپنے اپنے تشکیل کردہ الفاظ دکھائیں۔ یہ الفاظ بورڈ پر درج کر دیجیے۔ بچّے یہ الفاظ اپنی کتابوں میں نقل کر سکتے ہیں یا اپنی طرف سے بھی الفاظ لکھ سکتے ہیں۔

## پڑھنا اور لکھنا (صفحہ 48)

- طلبا سے کہیے تصاویر کو بہ غور دیکھ کر ان میں نظر آنے والی اشیا کے نام بتائیں اور پھر ان الفاظ کے ہجے کرنے کی کوشش کریں۔ ان حروف کو پڑھنے اور ناموجود حرف بتانے میں ان کی مدد کریں۔ اس کے بعد طلبا خالی جگہ کو مطلوبہ حرف سے پُر کرتے ہوئے کام مکمل کر سکتے ہیں۔
- اب طلبا مطلوبہ حرفِ علّت سے خالی جگہ پُر کرتے ہوئے الفاظ بنائیں گے اور یوں صفحہ 48 پر دی گئی سرگرمی مکمل کریں گے۔
- طلبا سے کہیے کہ اپنا کام اپنے ہم جماعتوں کو دکھائیں اور دیکھیں کہ کیا ان کے جوابات ایک جیسے ہیں۔ طلبا کے جوابات کو کلاس میں زیرِ بحث لایا جاسکتا ہے۔

# سبق 1

## مقاصد

- ماحول میں موجود اشیا کے نام بتانا اور ان کے بارے میں جاننا
- u کی شمولیت سے بننے والے الفاظ پڑھنا
- کہانی سننا اور زیرِ بحث لانا
- نظمیں پڑھنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- ماحول میں موجود اشیا اور جانوروں کے نام بتانا اور ان پر گفتگو کرنا
- u کی شمولیت سے بننے والے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنا
- کہانی سننا اور زیرِ بحث لانا، اور سوالات کے جواب دینا
- نظمیں پڑھنا
- سادہ الفاظ لکھنا

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- لفظی اور تصویر کارڈ جیسے کہ صفحہ 49 پر دیے گئے ہیں۔
- لفظی کارڈز (ضمیمہ 5a)

**METHOD**

**Matching activity (Page 49)**

- Divide students into groups of 4 or 5. Give each group an envelope containing word and picture cards as given on page 49.
- Ask students to match the cards with the words. You can first do the activity with the whole class and then, ask students to complete the task in small groups.
- Later, children can complete the activity on page 49 and share their work with their classmates. Their responses can be discussed in the classroom.

**Listening, speaking, and reading – Story time, 'Dolly the dolphin' (Pages 50 and 51)**

- Display the word cards (Appendix 5a) on the soft board. Have the children seated in a circle, and help them to spell and read these words.
- Tell them that today they are going to hear the story, 'Dolly the dolphin' given on page 50.
- Ask them to look at the pictures and guess what the story is going to be about. Ask the following questions:
  a. What do you see in the pictures?
  b. What do you think the story is about?, etc.
- Read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. While reading emphasize on the 's' words and sound. After you have read the story, you can ask these questions.
  a. What is the name of the dolphin?
  b. What happened on a stormy night?
  c. What did Dolly do?
  d. Did you enjoy the story? What did you enjoy the most? Why?
- Next, help the children to complete the activity on page 51.

**Classroom activity**

- As a follow-up activity, help children make sailors hats out of blue and white chart paper. Ask them to wear their hats and pretend to be sailors.

**Concluding Activity:** Ask the children to sing the poem given on page 52 with actions. Ask them to look at the picture and describe it.

## طریقۂ کار

### ملانے کی سرگرمی (صفحہ 49)

- چار یا پانچ طلبا پر مشتمل گروپ بنا دیجیے۔ ہر گروپ کو ایک لفافہ دے دیجیے جس کے اندر لفظی اور تصویری کارڈ ہوں جیسے کہ صفحہ 49 پر دیے گئے ہیں۔
- طلبا سے کہیے کہ کارڈز کو الفاظ کے ساتھ ملائیں۔ پہلے آپ یہ سرگرمی تمام طلبا کے ساتھ مل کر انجام دے سکتے ہیں، اور پھر انھیں چھوٹے چھوٹے گروپوں کی صورت میں یہ کام مکمل کرنے کی ہدایت کی جاسکتی ہے۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 49 پر مذکور سرگرمی مکمل کریں اور اپنا کام ہم جماعتوں کو دکھائیں۔ ان کے جوابات کلاس میں زیرِ بحث لائے جاسکتے ہیں۔

### سننا، بولنا اور پڑھنا۔کہانی کا وقت،'Dolly the dolphin'(صفحہ 50 اور 51)

- سوفٹ بورڈ پر لفظی کارڈز لگا دیجیے (ضمیمہ 5a)۔ بچّوں کو دائرے کی شکل میں بٹھایئے اور پھر ان الفاظ کے ہجے کرنے اور پڑھنے میں ان کی مدد کیجیے۔
- انھیں بتایئے کہ آج وہ صفحہ 50 سے کہانی Dolly the dolphin (ڈولی ڈولفن) سنیں گے۔
- ان سے کہیے کہ تصاویر پر غور کریں اور بوجھیں کہ کہانی کس بارے میں ہے۔ مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

  الف۔ تصاویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟

  ب۔ آپ کے خیال میں کہانی کس سے متعلق ہے؟ وغیرہ۔
- کہانی پڑھیے، درمیان میں کئی بار توقف کرتے ہوئے بچّوں سے پوچھیے کہ آگے کیا ہوگا۔ کہانی پڑھتے ہوئے s والے الفاظ اور آواز پر زور دیجیے۔ جب آپ کہانی پڑھ چکیں تو پھر بچّوں سے یہ سوالات کیے جاسکتے ہیں:

  الف۔ ڈولفن کا نام کیا ہے؟

  ب۔ طوفانی رات میں کیا ہوا تھا؟

  ج۔ ڈولی نے کیا کیا؟

  د۔ کہانی سن کر آپ کو مزہ آیا؟ کس بات نے آپ کو سب سے زیادہ لطف دیا؟ اور کیوں؟
- اس کے بعد صفحہ 51 پر دی گئی سرگرمی مکمل کرنے میں بچّوں کی مدد کیجیے۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی

- اضافی سرگرمی کے طور پر نیلے اور سفید چارٹ پیپر کی مدد سے ملاحوں کی مخصوص ٹوپی یا ہیٹ بنانے میں بچّوں کی مدد کیجیے۔ اب ان سے کہیے کہ اپنے اپنے ہیٹ پہنیں اور خود کو ملاح ظاہر کریں۔

اختتامی سرگرمی: طلبا سے کہیے کہ صفحہ 52 پر دی گئی نظم جسمانی اشاروں کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے بعد ان سے کہیے کہ تصویر کو غور سے دیکھیں اور بیان کریں۔

# Unit 6

## Colours

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Name some primary and secondary colours

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- identify and name primary and secondary colours.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Some pieces of coloured cards or objects of different colours
- Paint colours – red, blue, and yellow
- Sheets of paper

**METHOD**

**Listening and speaking - Recognizing colours (Pages 55 and 56)**

- Ask the students to sit in a large circle and look at the picture on page 55. You can ask the following questions:
  a. What do you see in the picture?
  b. Have you ever seen a rainbow?
  c. When does a rainbow appear in the sky?
  d. How many colours of the rainbow can you name?
- Next, ask them to look at page 56. Explain to the children that there are three main colours, i.e. red, blue, and yellow.
- Tell them that we can get new colours by mixing the main colours. Help them to name the colours on this page.
- Provide red, blue, and yellow paints, water, bowls, and a tray. Ask students to mix any two colours and then name the colour they get. They can draw anything on paper and colour it. Later, you can display their work on the soft board.
- Conclude the activity by asking children to match the colours to their names.

# باب 6

## رنگ

### سبق 1

### مقاصد

- چند بنیادی اور ثانوی رنگوں کے نام بتانا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- بنیادی اور ثانوی رنگوں کو پہچان سکیں اور ان کے نام بتا سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- رنگین کارڈز کے کچھ ٹکڑے یا مختلف رنگوں کی چیزیں
- پینٹ کلر سرخ، نیلا، اور زرد
- کاغذی شیٹیں

### طریقۂ کار

### سننا اور بولنا ۔ رنگوں کی شناخت کرنا (صفحہ 55 اور 56)

- طلبا سے کہیے کہ دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں اور صفحہ 55 پر موجود تصویر پر غور کریں۔ آپ ان سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھ سکتے ہیں:
  الف۔ تصویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟
  ب۔ کیا آپ نے کبھی قوسِ قزح دھنک دیکھی ہے؟
  ج۔ آسمان پر قوسِ قزح کب نمودار ہوتی ہے؟
  د۔ آپ قوس قزح کے کتنے رنگوں کے نام بتا سکتے ہیں؟
- پھر ان سے کہیے کہ صفحہ 56 دیکھیں۔ بچّوں کو بتائیے کہ بنیادی رنگ تین ہوتے ہیں، یعنی سرخ، نیلا اور زرد یا پیلا۔
- انھیں بتائیے کہ ان بنیادی رنگوں کو باہم ملا کر ہم نئے رنگ حاصل کرسکتے ہیں۔ اس صفحے پر موجود رنگوں کے نام بتانے میں ان کی مدد کیجیے۔
- سرخ، نیلے اور پیلے رنگ کے پینٹ، پانی، پیالے اور ایک ٹرے بچّوں کو مہیا کردیجیے۔ ان سے کہیے کہ کسی بھی دو رنگوں کو ملائیں اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے رنگ کا نام بتائیں۔ وہ کاغذ پر کچھ بھی بنا کر اس میں رنگ بھر سکتے ہیں۔ بعدازاں آپ ان کا کام سوفٹ بورڈ پر نمایاں کرسکتے ہیں۔
- سرگرمی کے اختتام پر طلبا سے کہا جاسکتا ہے کہ رنگوں کو ان کے ناموں کے ساتھ ملائیں۔

**LESSON 2**

**OBJECTIVES**

- Revise vowels and consonants
- Read 'ai' words

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- read 'ai' words.
- write simple words.

**METHOD**

**Listening and speaking – Vowels (Page 57)**

- Write the words 'apple' and 'elephant' on the board and ask the students to identify the vowels. Revise that a, e, i, o, and u are vowels, and the remaining letters are called consonants.
- Then, ask the students to complete the activity on page 57 by colouring the balls that have vowels written on them. A few students can be asked to share their work with the class.

**Reading – 'ai' words (Pages 57 and 58)**

- Explain to the children that when two letters a and i are near each other in any word, they make one sound. In this case it is the name of the letter 'a'. Help the students to read the 'ai' words on page 57 and 58.
- Ask them to complete the writing task on page 58.

**LESSON 3**

**OBJECTIVES**

- Listen to and discuss a story
- Retell a story
- Recite poems
- Read 'ea', and 'ee' words

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- listen to and discuss a story, and answer questions.
- recite poems.

## سبق 2

### مقاصد

- حروفِ علّت اور حروف صحیح کا اعادہ کرنا
- ai کی شمولیت سے بننے والے الفاظ پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک طلبا کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- ai کی شمولیت سے بننے والے الفاظ پڑھ سکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

### طریقۂ کار

#### سننا اور بولنا۔حروفِ علّت (صفحہ 57)

- بورڈ پر apple اور elephant کے الفاظ تحریر کردیجیے اور طلبا سے کہیے کہ ان میں حروفِ علّت کی شناخت کریں۔ یہ دہرائیے کہ a،e، i، o اور u حروف علت اور باقی حروف، حروف صحیح کہلاتے ہیں۔
- پھر طلبا سے کہیے صفحہ 57 پر دی گئی سرگرمی اس طرح مکمل کریں کہ جن گیندوں پر حروف علت درج ہیں ان میں رنگ بھریں۔ کچھ بچّوں کو اپنا کام ساتھی طلبا کو دکھانے کی ہدایت کی جاسکتی ہے۔

#### پڑھنا-ai والے الفاظ (صفحہ 57 اور 58)

- بچّوں پر واضح کیجیے کہ جب کسی لفظ میں دو حروف a اور i ساتھ ساتھ آئیں تو ان کی آواز ایک ہی ہوتی ہے۔ اس معاملے میں یہ حرف a کا نام ہے۔صفحہ 57 اور 58 سے ai والے الفاظ پڑھنے میں بچّوں کی مدد کیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 58 پر دیا گیا لکھنے کا کام مکمل کریں۔

## سبق 3

### مقاصد

- کہانی سننا اور زیر بحث لانا
- کہانی سنانا
- نظمیں پڑھنا
- ea اور ee کی شمولیت سے بننے والے الفاظ پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- کہانی سن کر اس پر اظہار خیال کرسکیں اور سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- نظمیں پڑھ سکیں۔

- read 'ea', and 'ee' words with correct pronunciation.
- write simple words.

**METHOD**

**Listening, speaking, and reading – Story time, 'The rabbits' (Page 59)**

- Ask the students to sit in a circle and tell them that today they are going to hear the story, 'The rabbits'.
- Ask them to look at the pictures in their books and guess what the story is going to be about. Ask the following questions:
    a. What do you see in the pictures?
    b. What do you think the story will be about?
- Emphasizing on the 's' sound, read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. At the end of the story you can ask these questions: What was the name of the two rabbits? What did they lose? Where did they go looking for it? Where did they find their umbrella? Did you enjoy the story? What did you enjoy the most? Why?
- Ask some students to retell the story.
- Later, ask children to complete the task on page 59.

**Classroom activity – Rhyming words (Page 60)**

- Help the students to read the poem with actions. Then, ask them to point out the rhyming words: rain and again; away and day.
- Explain to students that 'ay' has the same sound as 'a', e.g. day, spray, pay, may, etc.
- You can ask students to think of some other words with 'ay'.
- Later, students compete the writing task on page 60 of the textbook.
- After this, ask the children to sing the poem on page 60 with actions.

**Reading – 'ee' and 'ea' words (Pages 61 and 62)**

- Explain to the children that just like 'ai' words there are some other letters that, when they are near each other in any word, they make one sound. For example, 'ee' and 'ea' make one sound 'e'. Help the students to read the words on page 61.
- Next ask them to do the writing task on page 62.

**Reading (Page 63)**

- Revise 'ai', 'ea', and 'ee' words.
- Ask students to do the task on page 63 by filling in the blanks with 'ai', 'ee', or 'ea' and complete the words.
- You can then ask students to share their work with their classmates to make sure they have the same responses. Their responses can be discussed in the classroom.

- ea اور ee کی شمولیت سے بننے والے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھ سکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

## طریقۂ کار

### سننا، بولنا اور پڑھنا-کہانی کا وقت،'The rabbits' (صفحہ 59)

- طلبا سے کہیے کہ دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں اور انھیں بتائیے کہ آج وہ کہانی The rabbits (خرگوش) سنیں گے۔
- ان سے کہیے کہ اپنی کتابوں میں دی گئی تصویریں غور سے دیکھیں اور بوجھیں کہ کہانی کیا ہے۔ مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

  الف۔ تصاویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟

  ب۔ آپ کے خیال میں کہانی کس سے متعلق ہوگی؟
- s کی آواز پر زور دیتے ہوئے کہانی پڑھیے۔ اس دوران کئی بار توقف کیجیے اور بچّوں سے پوچھیے کہ آگے کیا ہوگا۔ کہانی کے اختتام پر آپ مندرجہ ذیل سوالات پوچھ سکتے ہیں: دونوں خرگوشوں کے نام کیا تھے؟ ان سے کیا کھوگیا تھا؟ اس کی تلاش میں وہ کہاں گئے؟ اپنی چھتری انھیں کہاں ملی؟ کیا آپ کہانی سے لطف اندوز ہوئے؟ کون سی بات آپ کو سب سے زیادہ پُرلطف محسوس ہوئی؟ اور کیوں؟
- چند طلبا سے کہیے کہ وہ یہی کہانی سنائیں۔
- اس کے بعد انھیں صفحہ 59 پر دیا گیا کام مکمل کرنے کی ہدایت کردیجیے۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی-ہم آواز الفاظ (صفحہ 60)

- جسمانی اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔ اب ان سے کہیے کہ ہم آواز الفاظ کی نشان دہی کریں: rain اور again؛ away اور day۔
- طلبا پر واضح کیجیے کہ ay اور a کی آواز یکساں ہے مثال کے طور پر day،spray، pay، may وغیرہ۔
- آپ بچّوں سے کہہ سکتے ہیں کہ کچھ الفاظ بتائیں جن میں ay شامل ہو۔
- بعدازاں طلبا نصابی کتاب کے صفحہ 60 پر دیا گیا لکھنے کا کام مکمل کریں۔
- اس کے بعد بچّوں سے کہیے کہ صفحہ 60 پر دی گئی نظم جسمانی اشاروں کے ساتھ پڑھیں۔

### پڑھائی-ee اور ea والے الفاظ (صفحہ 61 اور 62)

بچّوں کو بتائیے کہ ai والے الفاظ کی طرح کچھ دوسرے حروف بھی ہیں جو کسی لفظ میں جب ساتھ ساتھ آتے ہیں تو ان کی آواز ایک ہی ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر ee اور ea دونوں کی آواز e ہوتی ہے۔ صفحہ 61 پر موجود الفاظ پڑھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔

- اس کے بعد ان سے کہیے کہ صفحہ 62 پر دیا گیا لکھنے کا کام مکمل کریں۔

### پڑھائی (صفحہ 63)

- ai،ea ، اور ee والے الفاظ کا اعادہ کیجیے۔
- طلبا سے کہیے کہ صفحہ 63 پر دیا گیا کام کریں جس میں ai،ea ، یا ee سے خالی جگہیں پُرکرتے ہوئے الفاظ مکمل کیے جائیں گے۔
- اس کے بعد آپ بچّوں کو ہدایت کرسکتے ہیں کہ اپنا کام ساتھی طلبا کو دکھائیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ سب کے جوابات یکساں ہوں۔ ان کے جوابات کلاس میں زیر بحث لائے جاسکتے ہیں۔

# Unit 7

## Days of the week

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Name the days of the week

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- name the days of the week.
- write words correctly.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- Flash cards of the days of the week (Appendix 7a)

**METHOD**

**Listening and speaking - Days of the week (Page 64)**

- Ask the students to sit in a large circle. Show them a calendar and ask them what day their birthdays are on this year. Point to the row at the top of each month, which mentions the days. Next, you can ask the children to stand in groups according to the day of their birthday. You can ask the students to chant the names of the day.
- Using flash cards and calendar, help the children to read the names of the days of the week.
- In groups of seven, name the children after the days of the week. Then, call out the days, and those students who belong to this group can stand up. Later, you can ask simple questions, e.g. name the day that comes before Tuesday, name the day that comes after Saturday, etc.
- Prepare multiple sets of cards for the names of the days (Appendix 7a) on coloured paper. You can write each day on a different coloured card or a different coloured marker, this will help the children to easily identify each day. Give each pair or group one set. In pairs, ask students to put the days in order, starting from Sunday. They can refer to the calendar, if needed. Once they have completed, they can all chant the names of the days together.

**Writing (Pages 64 and 65)**

- Help the students to read and spell the names of the days of the week.
- Next, ask students to complete the activities on pages 64 and 65.

# باب 7

## ہفتے کے ایام

### سبق 1

### مقاصد

- ہفتے کے دنوں کے نام بتانا

### آموزش کے مقاصد

سبق کے اختتام تک بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- ہفتے کے دنوں کے نام بتاسکیں۔
- الفاظ درست طور پر لکھ سکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- ہفتے کے دنوں کے فلیش کارڈ (ضمیمہ 7a)

### طریقۂ کار

#### سننا اور بولنا۔ہفتے کے دن (صفحہ 64)

- طلبا سے کہیے کہ ایک بڑے دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ انھیں ایک کیلنڈر دکھائیے اور پوچھیے کہ اس سال ان کی سال گرہ کس دن ہوگی۔ ہر مہینے کے اوپر موجود قطار کی طرف اشارہ کیجیے جو دنوں کو ظاہر کرتی ہے۔ اب آپ بچّوں سے کہہ سکتے ہیں کہ وہ اپنی اپنی سال گرہ کے دن کی مناسبت سے گروپ بنا کر کھڑے ہوجائیں۔ آپ بچّوں کو دنوں کے نام پُکارنے کی ہدایت بھی کرسکتے ہیں۔
- فلیش کارڈز اور کیلینڈر سے کام لیتے ہوئے، ایام ہفتہ کے نام پڑھنے میں بچّوں کی مدد کیجیے۔
- سات سات طلبا کے گروپ بنائیے اور ان کے نام ہفتے کے دنوں پر رکھ دیجیے۔ اس کے بعد آپ دنوں کے نام پُکاریں گے اور ہر دن کے نام والے طلبا کھڑے ہوتے جائیں گے۔ بعدازاں آپ آسان سوالات پوچھ سکتے ہیں مثلاً منگل سے پہلے جو دن آتا ہے اس کا نام بتائیں، ہفتے کے بعد کون سا دن آتا ہے، وغیرہ وغیرہ۔
- رنگین کارڈز پر دنوں کے نام لکھ کر کئی سیٹ بنالیجیے (ضمیمہ 7a)۔ آپ ہر دن کا نام الگ الگ رنگ کے کارڈ پر لکھ سکتے ہیں یا پھر ہر دن کے لیے الگ الگ مارکر استعمال کرسکتے ہیں۔ اس سے بچّے ہر دن کو بہ آسانی شناخت کرسکیں گے۔ طلبا کی ہر جوڑی یا ہر گروپ کو ایک ایک سیٹ دے دیجیے۔ طلبا کی جوڑیوں سے کہیے کہ اتوار سے شروع کرتے ہوئے دنوں کے نام ترتیب وار رکھیں۔ ضرورت پڑنے پر وہ کیلنڈر سے مدد لے سکتے ہیں۔ یہ سرگرمی مکمل کرلینے کے بعد تمام طلبا ہم آواز ہوکر دنوں کے نام پُکاریں۔

#### لکھائی (صفحہ 64 اور 65)

- ایامِ ہفتہ کے نام پڑھنے اور ہجے کرنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔
- اس کے بعد انھیں صفحہ 64 اور 65 پر مذکور سرگرمیاں مکمل کرنے کی ہدایت کردیجیے۔

## LESSON 2

### OBJECTIVES

- Read 'ay', 'oa', and 'ow' words
- Read and discuss a story

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, children should be able to:

- read 'ay', 'oa', and 'ow', words with correct pronunciation.
- listen to and discuss a story and answer questions.
- write words correctly.

### METHOD

**Reading and writing – 'ay' and 'oa' words (Page 66)**

- Revise the vowels and consonants. You can ask the students to list the vowels and consonants in two columns and then, give a word beginning with these letters.
- Explain to the children that when two letters 'a' and 'y' are near each other in any word, they make one sound 'a'. And when two letters 'o' and 'a' are near each other in any word, they make one sound 'o'. Help the students to read and write the words on this page.

**Listening, speaking, and reading – Story time, 'Billy and teddy' (Page 67)**

- Ask the children to sit in a circle and read the story, 'Billy and teddy'.
- Ask them to look at the pictures and describe it, and guess what the story would be about.
- Read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. At the end of the story ask these questions:
    a. Who is wearing a new coat?
    b. What is the colour of the coat?
    c. What is the name of the toad?
    d. On what days will Billy wear the coat?
    e. On what days will Teddy wear the coat?
    f. Did you enjoy the story? Why?
- Also discuss the importance of sharing things with friends. Ask students to draw a picture of anything that they have shared with their friends. They can also talk about it in class.

## سبق 2

### مقاصد

- oa ،ay اور ow کی شمولیت سے بننے والے الفاظ پڑھنا
- کہانی سننا اور زیرِ بحث لانا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام تک بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- درست تلفظ کے ساتھ oa،ay ، اور ow والے الفاظ پڑھ سکیں۔
- کہانی سنیں، اس پر تبصرہ کریں اور سوالوں کے جواب دیں۔
- درست طور پر الفاظ لکھ سکیں۔

### طریقۂ کار

#### پڑھنا اور لکھنا-ay اور oa کی شمولیت سے بننے والے الفاظ (صفحہ 66)

- حروفِ علّت اور حروفِ صحیح کا اعادہ کیجیے۔ آپ طلبا سے کہہ سکتے ہیں کہ دو کالم بنا کر ان میں حروفِ علّت اور حروفِ صحیح درج کردیں اور پھر ہر حرف سے شروع ہونے والا ایک لفظ بتائیں۔
- بچّوں پر واضح کیجیے کہ جب کسی لفظ میں a اور y ساتھ ساتھ آئیں تو پھر دونوں حروف کی آواز ایک ہی یعنی a نکلتی ہے۔ اور جب کسی لفظ میں o اور a ساتھ ساتھ آئیں تو پھر ان دونوں حروف کی آواز بھی ایک ہی یعنی o نکلتی ہے۔ اس صفحے پر دیے گئے الفاظ پڑھنے اور لکھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔

#### سننا، بولنا اور پڑھنا-کہانی کا وقت،'Billy and teddy' (صفحہ 67)

- طلبا سے کہیے کہ دائرے بنا کر بیٹھ جائیں اور کہانی Billy and teddy پڑھیں۔
- ان سے کہیے کہ تصاویر کو غور سے دیکھیں اور اور انھیں بیان کریں، نیز بوجھنے کی کوشش کریں کہ کہانی کیا ہوگی۔
- کہانی پڑھیے۔ درمیان میں وقفے دیجیے اور طلبا سے پوچھیے کہ آگے کیا ہوگا۔ کہانی کے اختتام پر مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

  الف۔ نیا کوٹ کس نے پہنا ہوا ہے؟

  ب۔ کوٹ کس رنگ کا ہے؟

  ج۔ مینڈک کا نام کیا ہے؟

  د۔ بلی کوٹ کن دنوں میں پہنتا ہے؟

  ہ۔ ٹیڈی کن دنوں میں کوٹ پہنتا ہے؟

  و۔ کیا کہانی سن کر آپ کو لطف آیا؟ اور کیوں؟

- دوستوں کو اپنی چیزوں میں حصے دار بنانے کی اہمیت پر بھی گفتگو کیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ وہ کسی بھی شے کی تصویر بنائیں جس میں انھوں نے اپنے دوستوں کو حصے دار بنایا ہو یا انھیں استعمال کے لیے دی ہو۔ وہ اس کے بارے میں کلاس میں گفتگو کرسکتے ہیں۔

**Reading and writing – 'ow' words (Page 68)**

- Explain that 'ow' words can be pronounced differently. Some words rhyme with cow, and some with bow.
- Make two columns on the board with the headings cow and bow. Ask students to give you some 'ow' words. List them in the correct column depending on the pronunciation.
- Help the students to read and write the words on this page.

**Concluding activity**

- Ask the children to say some more 'ay', 'oa', and 'ow' words. List the responses on the board.

## پڑھنا اور لکھنا-ow کی شمولیت سے بننے والے الفاظ (صفحہ 68)

- بتائیے کہ ow والے الفاظ مختلف طرح سے پکارے یا ادا کیے جاسکتے ہیں۔ کچھ الفاظ cow کے ہم آواز اور کچھ bow کے ہم آواز ہوتے ہیں۔
- بورڈ پر دو کالم بنائیے اور ان پر بالترتیب cow اور bow کی سرخی لگادیجیے۔ طلبا سے کہیے کہ ow والے چند الفاظ بتائیں ۔ تلفظ کے اعتبار سے انھیں درست کالم میں درج کر دیجیے۔
- اس صفحے پر موجود الفاظ کو پڑھنے اور لکھنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔

## اختتامی سرگرمی

- طلبا سے کہیے کہ ay ، oa اور ow والے مزید کچھ الفاظ بتائیں۔ یہ الفاظ بورڈ پر تحریر کر دیجیے۔

# Unit 8

## The Earth – Our home

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Discuss about the Earth, Sun, and Moon
- Name some shapes

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- talk about the Earth, Sun, and Moon.
- recognize and name some shapes.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- A globe
- Pieces of coloured paper cut out in different shapes – circle, square, triangle, and rectangle
- Glue

**METHOD**

**Discussion activity – Earth, Sun, and Moon (Page 69)**

- Ask the children to sit in a large circle. Bring a globe to class and show it to the children. Explain that the globe represents our Earth. The Moon goes around the Earth, and the Earth goes around the Sun. Invite any three children to come forward. Name one as Earth, the other as Moon, and the third as Sun. Explain again that the Earth goes around the Sun, and the Moon goes around the Earth. The children act out their parts by going around accordingly. You can give all the children a chance to do this.

**Listening, speaking, and writing – Shapes (Page 70)**

- Using paper cards of different shapes (square, rectangle, triangle, circle) help the children to recognize and name each shape, and count how many corners and sides each shape has.
- Provide each child with different shapes such as, square, rectangle, and circle, and some glue. Ask the children to use the different shapes to make a house and paste it on a piece of paper. Students' work can be displayed in the classroom.
- Later, students can complete the activity on page 70.

# زمین ہمارا گھر

## سبق 1

### مقاصد

- زمین، سورج، اور چاند کے بارے میں گفتگو کرنا
- کچھ اشکال کے نام بتانا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- زمین، سورج، اور چاند کے بارے میں گفتگو کرسکیں۔
- کچھ اشکال کو پہچان سکیں اور ان کے نام بیان کرسکیں۔

### درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- گلوب
- مختلف اشکال جیسے دائرہ، مربع، مثلث اور مستطیل، کے رنگین کاغذی تراشے یا کٹ آؤٹس
- گلو

### طریقۂ کار

#### بات چیت کی سرگرمی ۔زمین، سورج ، اور چاند (صفحہ 69)

- طلبا سے کہیے کہ ایک بڑے دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ کمرۂ جماعت میں گلوب لے کر آیئے اور طلبا کو دکھایئے۔ بتایئے کہ گلوب ہماری زمین کو ظاہر کرتا ہے۔ چاند زمین کے گرد، اور زمین سورج کے گرد گھومتی ہے۔ کوئی سے بھی تین طلبا کو کلاس کے سامنے بُلایئے۔ ایک طالب علم کو زمین، دوسرے کو چاند، اور تیسرے کو سورج کا نام دے دیجیے۔ بچّے خود کو تفویض کردہ کردار نبھانے کے لیے گردش کریں گے یا گھومیں گے۔ آپ ہر بچّے کو اس سرگرمی میں حصہ لینے کا موقع فراہم کرسکتے ہیں۔

#### سننا، بولنا اور لکھنا۔اشکال (صفحہ 70)

- مختلف اشکال (مربع، مستطیل، مثلث، دائرہ) کے کاغذی کارڈ سے کام لیتے ہوئے ہر شکل کی شناخت کرنے اور ہر شکل کے کونوں اور اضلاع کی تعداد گننے میں طلبا کی مدد کیجیے۔
- ہر بچّے کو مختلف اشکال جیسے مربع، مستطیل، اور دائرہ، اور کچھ مقدار میں گوند یا گلو دے دیجیے۔ بچّوں سے کہیے کہ ان اشکال کی مدد سے وہ ایک مکان بنائیں اور اسے کاغذ کے ٹکڑے پر چسپاں کردیں۔ بچّوں کے کام کی کلاس میں نمائش کی جاسکتی ہے۔
- بعدازاں طلبا صفحہ 70 پر مذکور سرگرمی مکمل کرسکتے ہیں۔

## LESSON 2

### OBJECTIVES

- Read ‘oo’ and ‘or’ words
- Recite poem
- Write simple words

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, children should be able to:

- talk about the Earth, Sun, and Moon.
- recognize and name some shapes.
- read ‘oo’ and ‘or’ words with correct pronunciation.
- recite poem.
- write simple words.

### METHOD

**Reading and writing – Words with ‘oo’ (Pages 71 and 72)**

- Explain to the children that the ‘oo’ words have two different sounds. These words may rhyme with moon or book. Help with the children to read the words with the correct pronunciation.
- Ask them to give more ‘oo’ words. List the responses on the board. Some more examples: good, goon, hood, hoot, loot, zoom.
- Later, children can complete the writing task on page 71.

**Classroom activity – Poem (Page 73)**

- Begin the lesson by reciting the poem given on page 73 with actions. Ask students to repeat after you.
- You can ask three children to come to the front of the class. Name them as Sun, Moon, and Earth. Tell them, as the other children recite the poem, they can enact it. For example, the child labelled as Earth can spin and go round the Sun. The child labelled as Moon can go round the Earth.

**Reading and writing – Words with ‘or’ (Page 74)**

- Help the children to read the ‘or’ words with correct pronunciation. Ask them to give more ‘or’ words. List the responses on the board. Some examples: born, cork, lord, sort.
- Later, children can complete the writing task on the same page.

# سبق 2

## مقاصد

- oo اور or کی شمولیت سے بننے والے الفاظ پڑھنا
- نظم پڑھنا
- سادہ الفاظ لکھنا

## آموزش کے مقاصد

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- زمین، سورج اور چاند کے متعلق گفتگو کرسکیں۔
- کچھ اشکال کی شناخت کرتے ہوئے ان کے نام بتاسکیں۔
- درست تلفظ کے ساتھ oo اور or والے الفاظ پڑھ سکیں۔
- نظم پڑھ سکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

## طریقۂ کار

### پڑھنا اور لکھنا-oo کی شمولیت سے بننے والے الفاظ (صفحہ 71 اور 72)

- بچّوں کو بتائیے کہ oo والے الفاظ کی دو الگ الگ آوازیں ہوتی ہیں۔ یہ الفاظ moon یا book کے ہم آواز ہوسکتے ہیں۔ درست تلفظ کے ساتھ الفاظ کی ادائیگی میں بچّوں کی مدد کیجیے۔
- ان سے کہیے کہ oo والے مزید الفاظ بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر تحریر کردیجیے۔ مزید کچھ مثالیں یہ ہیں: good ، goon ، hood ، hoot ، loot ، zoom۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 71 پر دیا گیا لکھائی کا کام مکمل کرسکتے ہیں۔

### کمرۂ جماعت کی سرگرمی۔نظم (صفحہ 73)

- صفحہ 73 پر دی گئی نظم اشاروں اور حرکات کے ساتھ پڑھتے ہوئے سبق کا آغاز کیجیے۔طلبا سے کہیے کہ آپ کے ساتھ ساتھ دہراتے جائیں۔
- آپ تین بچّوں کو کلاس کے سامنے بُلا سکتے ہیں۔ انھیں سورج، چاند اور زمین کا نام دے دیجیے۔ ان سے کہیے کہ باقی بچّے نظم پڑھیں گے اور وہ مصرعوں کے مطابق اداکاری کریں گے۔ مثال کے طور پر جس بچّے کو زمین کا نام دیا گیا ہے وہ گھومتا ہوا سورج کے گرد چکر لگا سکتا ہے۔ اسی طرح جس بچّے کو چاند بنایا گیا ہے وہ زمین کے گرد گھوم سکتا ہے۔

### پڑھنا اور لکھنا-or والے الفاظ (صفحہ 74)

- or والے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے میں بچّوں کی مدد کیجیے۔ ان سے کہیے کہ or والے مزید الفاظ بتائیں۔ ان کے جواب بورڈ پر درج کردیجیے۔ چند مثالیں یہ ہیں: born ، cork ، lord ، sort۔
- اس کے بعد بچّے اسی صفحے پر دیا گیا لکھنے کا کام مکمل کریں گے۔

# Unit 9

## Occupations

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Talk about different occupations and the importance of their work

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- talk about different occupations and the importance of work.

**METHOD**

**Listening and speaking – Profession (Pages 75 and 76)**

- Ask the children to sit in a circle. Then, ask them what they would like to be when they grow up.
- Ask them to talk about the pictures given on page 75. Ask them to say who these people are, what job they do, and discuss the importance of their work.
- As an optional activity you can ask the students to dress up and role-play any occupation of their choice. For example, doctor, nurse, pilot, teacher, gardener, fireman, police officer, baker, cobbler, tailor, etc. Invite each student to say a few lines about the occupation they have chosen by saying, e.g. I am a teacher, I teach children.
- Later, ask them to complete the activity on page 76 of the textbook.

**LESSON 2**

**OBJECTIVES**

- Learn prepositions
- Write simple words

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- use simple prepositions.
- describe objects and their position, using words like in, on, under, next to, in front of, behind, etc.
- write simple words.

# باب 9

## پیشے

### سبق 1

#### مقاصد

- مختلف پیشوں اور ان کے کام کی اہمیت پر گفتگو کرنا

#### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- مختلف پیشوں اور کام کی اہمیت پر اظہار خیال کرسکیں۔

#### طریقۂ کار

#### سننا اور بولنا۔ پیشے (صفحہ 75 اور 76)

- بچّوں سے کہیے کہ دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں۔ پھر ان سے پوچھیے کہ بڑے ہوکر کیا بننا چاہتے ہیں۔
- ان سے کہیے کہ صفحہ 75 پر دی گئی تصاویر پر گفتگو کریں اور بتائیں کہ ان میں دکھائی دینے والے لوگ کون ہیں، وہ کیا کام کرتے ہیں، نیز ان کے کام کی اہمیت پر بھی اظہار خیال کریں۔
- اضافی سرگرمی کے طور پر آپ بچّوں سے کہہ سکتے ہیں کہ اپنی مرضی سے کوئی پیشہ منتخب کرتے ہوئے اس سے منسلک فرد جیسا حلیہ بنائیں اور اس پیشے کی اداکاری کریں۔ [ یہاں انگریزی متن میں role-play کے بجائے role-pay لکھا ہوا ہے ] مثال کے طور پر، ڈاکٹر، نرس، پائلٹ، استاد، مالی، فائرمین، پولیس افسر، نانبائی، موچی، درزی وغیرہ۔ ہر طالب علم کو بلاکر اس سے کہیے کہ اپنے منتخب کردہ پیشے کے بارے میں چند جملے کہے مثلاً میں ایک استاد ہوں، میں بچّوں کو پڑھاتا ہوں۔
- بعدازاں انھیں نصابی کتاب کے صفحہ 76 پر مذکور سرگرمی مکمل کرنے کی ہدایت کردیجیے۔

### سبق 2

#### مقاصد

- حروفِ ربط یا حروفِ جار سیکھنا
- سادہ الفاظ لکھنا

#### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- سادہ حروفِ ربط کا استعمال کرسکیں۔
- in ، on ، under ، next to ، in front of ، behind وغیرہ جیسے الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے چیزوں اور ان کی موجودگی کے مقام کو بیان کرسکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- A variety of small objects, e.g. toys, pencils, etc.

**METHOD**

**Listening, speaking, and reading – Preposition (Pages 77 and 80)**

- Invite students to sit in a large circle. Prior to the class, collect a variety of objects to explain the concept of prepositions. Place the objects in, on, under, behind, next to, above, and below other things and ask children to tell you where the object is? List the responses on the board. Inform them that these words are called prepositions.
- Now show them the picture on page 77 and ask them to say where the items are placed. Encourage them to reply in complete sentences, using these prepositions: in, on, under, next to, in front of, etc.
- Later, ask them to complete the activity on page 80.

**LESSON 3**

**OBJECTIVES**

- Read ‘ng’ and ‘x’ words
- Listen to and retell stories
- Write simple words

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- read ‘ng’ and ‘x’ words with correct pronunciation.
- listen to and retell stories.
- write simple words.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- A variety of small objects, e.g. toys, pencils, etc.

**METHOD**

**Reading and writing – ‘ng’ words (Page 78)**

- Inform the children that they will be learning the ‘ng’ words, e.g. rang, sing, long, etc. Brainstorm with the children about other ‘ng’ words, e.g. gang, a finger, jingle, wrong, etc. Help them to read and pronounce these words.
- Later, children complete the writing task.

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- مختلف چھوٹی اشیا جیسے کھلونے، پنسلیں وغیرہ۔

## سننا، بولنا اور پڑھنا-حروفِ ربط (صفحہ 77 اور 80)

- طلبا کو ایک دائرے میں بیٹھنے کی ہدایت کردیجیے۔ حروف ربط کا تصور واضح کرنے کے لیے کلاس کے آغاز سے قبل مختلف اقسام کی اشیا جمع کرلیجیے۔ ان اشیا کو دوسری چیزوں میں(in)، ان کے اوپر(on)، نیچے(under)، پیچھے(behind)، ساتھ(next to)، اوپر(above)، اور نیچے (below) رکھیے اور بچّوں سے کہیے وہ بتائیں کہ چیز کہاں رکھی ہے؟ ان کے جوابات بورڈ پر لکھ دیجیے۔ انھیں بتائیے کہ یہ الفاظ حروف ربط یا حروف جار کہلاتے ہیں۔
- اب انھیں صفحہ 77 پر موجود تصویر دکھائیے اور کہیے کہ وہ بتائیں چیزیں کہاں رکھی ہوئی ہیں۔ بچّوں کی حوصلہ افزائی کیجیے کہ وہ ان حروف ربط: in،on ،next،under، to،in front of وغیرہ کا استعمال کرتے ہوئے مکمل جملوں میں جواب دیں۔
- اس کے بعد انھیں صفحہ 80 پر مذکور سرگرمی مکمل کرنے کی ہدایت کردیجیے۔

## سبق 3

## مقاصد

- ng اور x کی شمولیت سے بننے والے الفاظ پڑھنا
- کہانیاں سننا اور بیان کرنا
- سادہ الفاظ لکھنا

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- درست تلفظ کے ساتھ ng اور x والے الفاظ پڑھ سکیں۔
- کہانیاں سن اور سنا سکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- مختلف اقسام کی چھوٹی چھوٹی چیزیں مثلاً کھلونے، پنسلیں وغیرہ۔

## طریقۂ کار

## پڑھنا اور لکھنا-ng کی شمولیت سے بننے والے الفاظ (صفحہ 78)

- طلبا کو بتائیے کہ وہ ng والے الفاظ سیکھیں گے جیسے rang ، sing ، long وغیرہ۔ بچّوں کے ساتھ مل کر ng کی شمولیت سے بننے والے دوسرے الفاظ پر سوچ بچار کریں، مثلاً gang ، a finger ، jingle ، wrong وغیرہ۔ یہ الفاظ پڑھنے اور بولنے یا ادا کرنے میں بچّوں کی مدد کیجیے۔
- اس کے بعد طلبا لکھنے کا کام مکمل کریں گے۔

**Listening, speaking, and reading – Story time, 'Sara and Asad help Lily' (Page 79)**

- Ask the children to sit in a circle and tell them that today they are going to hear the story, 'Sara and Asad help Lily'.
- Ask them to look at the pictures and guess what the story is going to be about. Ask the following questions:
    a. What do you see in the pictures?
    b. What do you think the story is about?
- Read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. At the end of the story ask the children: What was the name of the kitten? Why was the kitten crying? Who helped the kitten? How did Lily come down from the tree? Did you enjoy the story? What did you enjoy the most? Why?
- Ask some students to retell the story in simple words.

**Reading and writing – 'x' words (Page 81)**

- Inform the children that they will be learning the 'x' words, e.g. box, six, axe, etc. Help the children to read the words and do the writing task.

## سننا، بولنا اور لکھنا۔کہانی کا وقت، 'Sara and Asad help Lily' (صفحہ 79)

- بچّوں سے کہیے کہ دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں اور انھیں بتائیے کہ آج وہ کہانی Sara and Asad help Lily (سارہ اور اسد نے للّی کی مدد کی) سنیں گے۔
- ان سے کہیے کہ تصاویر کو غور سے دیکھیں اور بوجھیں کہ کہانی کیا ہے۔ مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

  الف۔ تصویروں میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟

  ب۔ آپ کے خیال میں کہانی کیا ہوگی؟
- کہانی پڑھیے، اس دوران وقفے وقفے سے ٹھہر جائیے اور بچّوں سے پوچھیے کہ آگے کیا ہوگا۔ کہانی کے اختتام پر بچّوں سے پوچھیے: بلی کے بچّے یا بلونگڑے کا نام کیا تھا؟ بلونگڑا کیوں چلّا رہا تھا؟ اس کی مدد کس نے کی؟ للّی درخت سے نیچے کیسے اترا؟ کہانی سن کر آپ کو مزہ آیا؟ کون سی بات آپ کو سب سے زیادہ پُرلطف لگی؟ اور کیوں؟
- چند طلبا سے کہیے وہ یہی کہانی آسان الفاظ میں سنائیں۔

## پڑھنا اور لکھنا۔کی شمولیت سے بننے والے الفاظ (صفحہ 81)

- بچّوں کو بتائیے کہ وہ x والے الفاظ کے بارے میں جانیں گے مثلاً box، six، axe وغیرہ۔ان الفاظ کو پڑھنے اور لکھائی کا کام مکمل کرنے میں طلبا کی مدد کیجیے۔

# Unit 10

## Farm animals

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Identify some farm animals and the sounds they make
- Recite poem with actions

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- name some farm animals and the sounds they make.
- recite poems with actions.
- write simple words.

**METHOD**

**Listening and speaking – Farm animals (Pages 82 and 83)**

- Ask the children to sit in a large circle. Begin by singing the poem 'Old MacDonald had a farm'. Introduce the children to different farm animals while singing the poem.
- You can ask them some questions like: Have you been to a farm? Which animals live on a farm? Who looks after the animals at the farm?, etc.
- Talk to them about the farm animals and their babies given on page 82, and then you can ask them to name some other animals that live on a farm.
- Introduce children to the animal sounds as given on page 83.
- You can plan an additional role-play activity. Ask the students to select any one animal and introduce themselves as that animal. For example: (1) I am a lion. I live in the jungle. My baby is called a cub. I roar when I am angry. (2) I am a dog. I live in the kennel. A baby dog is called a puppy. I bark when I am angry.

**LESSON 2**

**OBJECTIVES**

- Learn words with 'sh' sounds
- Recite poem with actions
- Learn counting
- Make simple plurals by adding 's'

# فارم کے جانور

## سبق 1

### مقاصد

- فارم میں پلنے والے کچھ جانوروں اور ان کی آوازوں کی شناخت کرنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- فارم کے کچھ جانوروں کے نام بیان کرتے ہوئے بتاسکیں کہ ان کی آواز یا ان کا بولنا کیا کہلاتا ہے۔
- اشاروں کے ساتھ نظمیں پڑھ سکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

### طریقۂ کار

#### سننا اور بولنا۔فارم کے جانور (صفحہ 82 اور 83)

- بچّوں سے کہیے کہ ایک بڑا دائرہ بنا کر بیٹھ جائیں۔نظم Old MacDonald had a farm گاتے ہوئے شروع کیجیے۔نظم گاتے ہوئے بچّوں کو فارم کے مختلف جانوروں سے متعارف کرائیے۔
- آپ کچھ سوالات بھی پوچھ سکتے ہیں جیسے: کیا آپ کبھی فارم پر گئے ہیں؟ فارم پر کون سے جانور رہتے ہیں؟ فارم پر جانوروں کی دیکھ بھال کون کرتا ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔
- صفحہ 82 کے مطابق بچّوں سے فارم کے جانوروں اور ان کے بچّوں کے بارے میں بات چیت کیجیے، پھر آپ ان سے فارم پر رہنے والے دوسرے جانوروں کے نام پوچھ سکتے ہیں۔
- صفحہ 83 کے مطابق بچّوں کو جانوروں کی آوازوں سے متعارف کرائیے۔
- آپ کرداروں میں اداکاری کا رنگ بھرنے یعنی رول پلے کی اضافی سرگرمی کی منصوبہ بندی کرسکتے ہیں۔طلبا سے کہیے کہ وہ کسی ایک جانور کا انتخاب کرتے ہوئے خود کو اس جانور کی حیثیت سے متعارف کروائیں۔مثال کے طور پر: (1) میں ببر شیر ہوں۔ میں جنگل میں رہتا ہوں۔ میرا بچّہ cub کہلاتا ہے۔ جب مجھے غصہ آئے تو میں دہاڑتا ہوں۔ (2) میں ایک کتا ہوں۔ میں کتا گھر میں رہتا ہوں۔ چھوٹے کتے کو پلاّ کہتے ہیں۔غصہ آنے پر میں بھونکتا ہوں۔

## سبق 2

### مقاصد

- sh (ش) کی آواز والے الفاظ کے بارے میں پڑھنا
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھنا
- گنتی گننا سیکھنا
- s کا اضافہ کرتے ہوئے آسان الفاظ کی جمع بنانا

## LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, children should be able to:

- read and write words with 'sh' sounds.
- recite poems with actions.
- read and write numbers one to ten.
- make simple plurals by adding 's'.
- write simple words.

## RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)

- Number cards 1-10 (Appendix 10a)
- One and more than one (Appendix 10b)

## METHOD

### Reading and writing – 'sh' words (Pages 84 and 85)

- Inform children that they will be learning some 'sh' words. Ask the children to give some 'sh' words. List their responses on the board.
- Read the 'sh' words on page 84, and then students can complete the writing task.
- Help the children to recite the poem on page 85 with actions.

### Counting – one and more than one (Pages 86 and 87)

- Invite children to sit in a large circle. Show them a container with different objects (bead, shells, etc.) and a set of number cards (Appendix 10a). Inform students that they will count the beads and match the number of beads to the correct number card. Demonstrate the activity for the children. Pick up a card and say, 'one'. Take out one bead from the container, and say, 'one bead', and place it in front of the card. Continue with the rest of the beads and number cards until 1-10.
- Divide students into groups of 4 or 5. Ensure that each child has a basket with objects (beads, shells, leaves, small toys, etc.) of different kinds and quantity from 1 – 9 and number cards. Ask the children to identify and count the objects and place the corresponding number cards in front of them. For example, if there are two shells, then the children count the shells and place the correct card (2) near it. As the children work, support them where required.
- Here you can introduce them to the concept one and many (plural) by indicating the addition of 's' to the word.
- Later, read pages 86 and 87 and then, ask the children to complete the activity sheet (Appendix 10b).

## آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- sh کی آواز والے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- اشاروں کے ساتھ نظم پڑھ سکیں۔
- ایک سے لے کر دس تک اعداد پڑھ اور لکھ سکیں۔
- s کا اضافہ کرتے ہوئے الفاظ کی جمع بنا سکیں۔
- آسان الفاظ لکھ سکیں۔

## درکار وسائل (امدادی تدریسی اشیا)

- 1 سے لے کر 10 تک نمبر کارڈ (ضمیمہ 10a)
- ایک اور ایک سے زائد (ضمیمہ 10b)

## طریقۂ کار

### پڑھنا اور لکھنا-sh کی آواز والے الفاظ (صفحہ 84 اور 85)

- بچّوں کو بتائیے کہ اب وہ sh کی آواز والے کچھ الفاظ سیکھیں گے۔ ان سے کہیے کہ وہ sh کی آواز والے کچھ الفاظ بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر درج کر دیجیے۔
- صفحہ 84 سے sh والے الفاظ پڑھیے، اس کے بعد طلبا لکھنے کا کام مکمل کر سکتے ہیں۔
- صفحہ 85 پر دی گئی نظم اشاروں کے ساتھ پڑھنے میں بچّوں کی مدد کیجیے۔

### گنتی-ایک اور ایک سے زائد (صفحہ 86 اور 87)

- طلبا سے کہیے کہ ایک بڑے دائرے کی شکل میں بیٹھ جائیں۔انھیں ایک کنٹینر یعنی کوئی ڈبا یا برتن وغیرہ جس میں مختلف چیزیں مثلاً موتی، سیپیاں وغیرہ رکھی ہوں اور نمبر کارڈ (ضمیمہ 10a) کا سیٹ دکھائیے۔ بچّوں کو بتائیے کہ وہ موتی گنیں گے اور انھیں اس نمبر کارڈ سے ملائیں گے جس پر ان کی تعداد کے مطابق عدد درج ہو۔ بچّوں کو اس سرگرمی کا عملی مظاہرہ کر کے دکھائیے۔ ایک کارڈ اٹھائیے اور کہیے' ایک'۔ اب ڈبّے سے ایک موتی نکالیے اور کہیے' ایک موتی' اور پھر اسے کارڈ کے ساتھ رکھ دیجیے۔ یہ سرگرمی باقی موتیوں اور نمبر کارڈز کو ایک دوسرے سے ملانے تک جاری رکھیے۔
- طلبا کو چار یا پانچ پانچ کے گروپوں میں تقسیم کر دیجیے۔ اس بات کو یقینی بنائیے کہ ہر طالب علم کے پاس مختلف قسم کی اشیا (موتی، سیپیاں، پتے، چھوٹے کھلونے وغیرہ) سے بھری ایک ٹوکری اور نمبر کارڈز ہوں۔ یاد رہے کہ ٹوکری میں موجود چیزوں کی تعداد ایک سے لے کر نو تک ہونی چاہیے۔ بچّوں سے کہیے کہ ایک جیسی چیزیں نکال کر شمار کریں اور ان کے سامنے ان کی تعداد کے مطابق عدد کا حامل نمبر کارڈ رکھ دیں۔ مثال کے طور پر اگر سیپیاں دو ہیں تو بچّے انھیں گنیں اور ان کے ساتھ 2 والا کارڈ رکھ دیں۔ اس سرگرمی کے دوران جہاں ضرورت پیش آئے بچّوں کی مدد کیجیے۔
- اس موقع پر آپ لفظ میں s کا اضافہ کرتے ہوئے انھیں ایک اور ایک سے زائد (جمع) کے تصور سے متعارف کرا سکتے ہیں۔
- اس کے بعد صفحہ 86 اور 87 پڑھیے اور بچّوں کو سرگرمی کی شیٹ مکمل کرنے کی ہدایت کر دیجیے (ضمیمہ 10b)

## LESSON 3

### OBJECTIVES

- Learn words with 'ch' sounds
- Listen to and discuss a story and answer questions

### LEARNING OUTCOMES

By the end of the lesson, children should be able to:

- read and write words with 'ch' sounds.
- listen to and discuss a story and answer questions.
- write simple words.

### METHOD

**Listening, speaking, and reading – Story time, 'Snowy the lamb' (Pages 88 and 89)**

- Have the children seated in a circle. Tell them that today they are going to hear the story, 'Snowy the lamb' given on page 88.
- Let them have a look at the pictures and then ask the following questions:
  a. What do you see in the pictures?
  b. What do you think the story is about?
- Read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. At the end of the story ask the children: Who is Snowy? What happened to her? Who went to look for her? What did they take with them? Where did they find Snowy? What did they do? Who looked after Snowy? Did you enjoy the story? What did you enjoy the most? Why?
- Retell the story.
- Later, children can complete the activity on page 89 of the textbook.

**Reading and writing – 'ch' words (Page 90)**

- Inform children that they will be learning some 'ch' words. Ask the children to give some 'ch' words. List the responses on the board.
- Help the children to read the 'ch' words on page 90.

## سبق 3

### مقاصد

- ch کی آواز والے الفاظ سیکھنا
- کہانی سننا، اس پر اظہارِ خیال کرنا اور سوالوں کے جواب دینا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- ch کی آواز والے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- کہانی سن کر اسے زیرِ بحث لائیں اور سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

### طریقۂ کار

#### سننا، بولنا اور پڑھنا-کہانی کا وقت،'Snowy the lamb' (صفحہ 88 اور 89)

- بچّوں کو دائرے کی شکل میں بٹھالیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج وہ صفحہ 88 پر دی گئی کہانی پڑھیں گے جس کا عنوان ہے۔'Snowy the lamb'۔
- انھیں تصاویر پر غور کرنے کا موقع دیجیے اور پھر مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:

  الف۔ تصاویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟

  ب۔ آپ کے خیال میں کہانی کس بارے میں ہوگی؟
- کہانی پڑھیے، اس درمیان چند بار توقف کرتے ہوئے بچّوں سے پوچھیے کہ آگے کیا ہوگا۔ کہانی کے اختتام پر یہ سوالات پوچھیے: Snowy کون ہے؟ اس کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟ اس کی تلاش میں کون نکلا تھا؟ وہ اپنے ساتھ کیا لے کر آئے؟ انھیں Snowy کہاں ملی؟ انھوں نے کیا کیا؟ Snowy کی دیکھ بھال کس نے کی؟ کہانی سن کر آپ کو مزہ آیا؟ کون سی بات آپ کو سب سے زیادہ پُرلطف محسوس ہوئی؟ اور کیوں؟
- کہانی دوبارہ سنائیے۔
- بعدازاں، بچّے نصابی کتاب کے صفحہ 89 پر مذکور سرگرمی مکمل کرسکتے ہیں۔

#### پڑھنا اور لکھنا-ch کی آواز والے الفاظ (صفحہ 90)

- طلبا کو بتائیے کہ اب وہ ch کی آواز والے کچھ الفاظ پڑھیں گے۔ ان سے کہیے کہ ch کی آواز والے کچھ الفاظ بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر لکھ دیجیے۔
- صفحہ 90 سے ch کی آواز والے الفاظ پڑھنے میں بچّوں کی مدد کیجیے۔

# Unit 11

## Rehman Baba's shop

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Name some fruits and vegetables
- Listen to and discuss a story, and answer questions
- Draw simple pictures

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- name some fruits and vegetables.
- listen to and discuss a story, and answer questions.
- write simple words.
- draw simple pictures.

**METHOD**

**Listening and speaking – Fruits and vegetables (Pages 93, 94, and 95)**

- Invite children to sit in a large circle. Ask the children to name things that they can see in the picture on page 93. List their responses on the board.
- Ask the children if they go to buy fruits and vegetables with their parents. You can tell them that when we shop for foods, we usually go to a grocery store. Explain to the children that a grocery store is a store that sells different foods, fruits, and vegetables.
- You can ask children to read the name of the vegetables and fruits on pages 94 and 95, and also complete the colouring activity.

**Listening, speaking, and reading – Story time, 'The vegetable farm' (Pages 96 and 97)**

- Ask the children to sit in a circle. Tell them that today they are going to hear the story, 'The vegetable farm' given on page 97.
- Ask the children to guess what the story is going to be about. You can ask the following questions:
    a. What do you see in the pictures?
    b. What do you think the story is about?

# باب 11

## رحمان بابا کی دکان

### سبق 1

### مقاصد

- پھلوں اور سبزیوں کے نام بتانا
- کہانی سننا، زیرِ بحث لانا اور سوالوں کے جواب دینا
- سادہ اشکال بنانا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- چند پھلوں اور سبزیوں کے نام بتاسکیں۔
- کہانی سن کر اس پر گفتگو کرسکیں اور سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔
- سادہ اشکال بنا سکیں۔

### طریقۂ کار

#### سننا اور بولنا۔پھل اور سبزیاں (صفحہ 93، 94 اور 95)

- بچّوں کو ایک بڑے دائرے کی شکل میں بیٹھنے کی ہدایت کردیجیے۔ ان سے کہیے کہ صفحہ 93 پر دی گئی تصاویر میں جو چیزیں نظر آرہی ہیں ان کے نام بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر درج کردیجیے۔
- بچّوں سے پوچھیے کہ کیا وہ اپنے والدین کے ہمراہ پھل اور سبزیاں خریدنے جاتے ہیں۔ آپ انھیں بتاسکتے ہیں کہ کھانے پینے کی چیزیں خریدنے کے لیے ہم عام طور پر گروسری اسٹور یا کریانے کی دکان پر جاتے ہیں۔ بچّوں کو بتائیے کہ کریانے کی دکان سے مراد وہ دکان ہے جہاں مختلف غذائی اشیا، پھل اور سبزیاں فروخت ہوتی ہیں۔
- بچّوں سے کہیے کہ صفحہ 94 اور 95 پر سے سبزیوں اور پھلوں کے نام پڑھیں اور رنگ بھرنے کی سرگرمی بھی مکمل کریں۔

#### سننا، بولنا اور پڑھنا۔کہانی کا وقت The vegetable farm (صفحہ 96 اور 97)

- بچّوں کو ایک دائرے میں بٹھا لیجیے۔ انھیں بتائیے کہ آج وہ صفحہ 97 پر دی گئی کہانی پڑھیں گے جس کا عنوان ہے 'The vegetable farm'۔
- بچّوں سے پوچھیے ان کے خیال میں کہانی کس سے متعلق ہے۔ آپ مندرجہ ذیل سوالات پوچھ سکتے ہیں:

  الف۔ تصویروں میں آپ کو کیا دکھائی دے رہا ہے؟

  ب۔ آپ کے خیال میں کہانی کس کے بارے میں ہے؟

- Read the story, stopping a few times to ask them to predict what will happen next. At the end of the story ask the children:
    a. Who has a vegetable farm?
    b. Name the vegetables that grow under the ground?
    c. What does Alia do with the vegetables that she pulls from under the ground?
    d. Name the vegetables that grow above the ground?
    e. What does grandmother do with the vegetables?
    f. Who comes to buy the fresh vegetables?
    g. Did you enjoy the story? What did you enjoy the most? Why?
- Retell the story, if required.
- Explain to the children how things are grown on farms and how they are sent to the shops when they are ready, from where children can buy them.
- Later, children can complete the work given on page 97.

**LESSON 2**

**OBJECTIVES**

- Read and write words with 'th' sound
- Write simple words

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- read and write words with 'th' sound.
- write simple words.

**METHOD**

**Reading and writing – 'th' words (Page 98)**

- Inform children that they will be learning some 'th' words. Ask the children to give some 'th' words. List the responses on the board.
- Explain the different sounds of 'th', as in this and thin.
- Read the 'th' words on page 98, and then ask the students to complete the writing task.

- کہانی پڑھیے، اور اس دوران چند بار توقف کرتے ہوئے ان سے پوچھیے کہ آگے کیا ہوگا۔ کہانی کے اختتام پر بچّوں سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیے:
  - الف۔ سبزیوں کے کھیت کس کے ہیں؟ یا سبزیوں کا فارم کس کا ہے؟
  - ب۔ زیرزمین اُگنے والی سبزیوں کے نام بتائیں؟
  - ج۔ عالیہ زمین کے نیچے سے حاصل کردہ سبزیوں کا کیا کرتی ہے؟
  - د۔ زمین کے اوپر اگنے والی سبزیوں کے نام بتائیں؟
  - ھ۔ دادی جان سبزیوں کا کیا کرتی ہیں؟
  - و۔ تازہ سبزیاں خریدنے کون آتا ہے؟
  - ر۔ کہانی سن کر آپ کو مزہ آیا؟ کون سے بات آپ کو سب سے زیادہ پسند آئی؟ اور کیوں؟
- اگر ضرورت محسوس کریں تو کہانی دوبارہ سنا دیجیے۔
- بچّوں کو بتائیے کہ کھیتوں یا فارموں میں چیزیں کیسے اُگائی جاتی ہیں اور پھر تیار ہوجانے کے بعد کیسے دکانوں پر بھیج دی جاتی ہیں جہاں سے وہ انھیں خرید سکتے ہیں۔
- اس کے بعد طلبا صفحہ 97 پر دی گئی سرگرمی مکمل کر سکتے ہیں۔

## سبق 2

### مقاصد

- th کی آواز والے الفاظ پڑھنا اور لکھنا
- سادہ الفاظ لکھنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- th کی آواز والے الفاظ پڑھ اور لکھ سکیں۔
- سادہ الفاظ لکھ سکیں۔

### طریقۂ کار

#### پڑھنا اور لکھنا-th کی آواز والے الفاظ (صفحہ 98)

- بچّوں کو بتادیجیے کہ وہ th کی آواز والے کچھ الفاظ سیکھیں گے۔ ان سے کہیے کہ th کی آواز والے الفاظ بتائیں۔ ان کے جوابات بورڈ پر درج کر دیجیے۔
- th کی مختلف آوازوں کی وضاحت کیجیے جیسے this اور thin میں اس کی آواز۔
- صفحہ 98 پر دیے گئے th والے الفاظ پڑھیے اور پھر طلبا کو لکھنے کا کام مکمل کرنے کی ہدایت کردیجیے۔

# Unit 12

## Months in a year

**LESSON 1**

**OBJECTIVES**

- Identify names of the months in a year

**LEARNING OUTCOMES**

By the end of the lesson, children should be able to:

- name the months in a year.
- understand and read information given in a calendar.

**RESOURCES REQUIRED (TEACHING AIDS)**

- A calendar
- Pictures of the four seasons – summer, winter, spring, autumn (if available)
- Months of the year (Appendix 12a)

**METHOD**

**Listening and speaking – Months in a year (Page 99)**

- Invite children to sit in a circle. Show them a calendar and ask them some simple questions, e.g.
    a. Have you seen a calendar?
    b. What is it used for?
    c. Do you know the names of the months? Name them.
    d. Which is the first month of the year?
    e. Which is the last month of the year?
    f. In which month do you have your birthday?
- Also inform them 23rd March and 14th August are special days in Pakistan. Point them out on the calendar. Here you can tell them that the names of all months begin with a capital letter.

**Classroom activity – Months in a year (Pages 100 and 101)**

- Show them a calendar and explain that each month has different number of days, e.g. February has 28 days and 29 days when it is a leap year. April, June, September, and November have 30 days, and January, March, May, July, August, October, and December have 31 days.

# باب 12

## سال کے مہینے

### سبق 1

### مقاصد

- سال کے مہینوں کے ناموں کی پہچان کرنا

### آموزش کے نتائج

سبق کے اختتام پر بچّوں کو اس قابل ہوجانا چاہیے کہ:

- سال کے مہینوں کے نام بیان کرسکیں۔
